# نوٹس برائے تحفظ دستور عمل

ستمبر 2022



قانونی فریم ورک سے لنک کریں۔

خصوصی تعلیم کا لنک TEA

# فہرست مضامین


دستور عمل کے تحفظ کا نوٹس ... 1

معذور بچوں کے والدین کے حقوق ... 1

خصوصی تعلیم میں دستور عمل کے تحفظ ... 1

رضاعی والدین کی حیثیت رکھنے والےوالدین ... 1

قائم مقام والدین ... 1

چائلڈ فائنڈ (بچے کی تلاش) ... 2

پیشگی تحریری نوٹس ... 2

والدین کی رضامندی ... 3

معذور بچے کو نظم و ضبط سکھانے کا طریقہ کار ... 5

والدین کے ذریعہ رضاکارانہ نجی اسکولوں میں جگہوں کا تعین ... 10

والدین کے حقوق کی منتقلی ... 10

خصوصی تعلیم کے لئے معلومات ... 11

اختلافات کا حل ... 11

ریاستی آئی ای پی کی سہولت ... 11

مصا لحت کی خدمات ... 12

خصوصی تعلیم سے متعلق شکایت کے حل کی کاروائی ... 13

با ضابطہ عمل کی کا روائیاں ... 14

رابطہ کی معلومات ... 21

مسئلے کے حل کے رابطے کی معلومات ... 21


**SPEDTex خاندانوں کے لیےایک بہترین وسیلہ ہے!**

SPEDTex اسپیشل ایجوکیشن انفارمیشن سینٹرسےرابطہ کریں۔

SPEDTEX Special Education Information Center

**| 1.855.773.3839** www.spedtex.org


**ٹیکساس ایجوکیشن ایجنسی۔ تمام جُملہ حقوق محفوظ ہیں۔Copyright © 2022**

# دستور عمل کے تحفظ کا نوٹس
# معذور بچوں کے والدین کے حقوق

معذور افراد کی تعلیم سے متعلق قانون (**IDEA**)، ترمیم شدہ 2004، اسکولوں سے اس بات کا تقاضہ کرتا ہے کہ وہ معذور بچے/ بچی کے والدین کو آئیڈیا (IDEA) کے تحت دستیاب دستور عمل کے تحفظ اور اس کے نفاذ سے متعلق ضوابط کی مکمل وضاحت فراہم کریں۔ ٹیکساس ایجوکیشن ایجنسی (**TEA**) کے ذریعہ تیار کردہ اس دستاویز کا مقصد اس نوٹس کے تقاضے کو پورا کرنا اور آئیڈیا (IDEA) کے تحت حاصل حقوق کو سمجھنے میں معذور بچوں کے والدین کی مدد کرنا ہے۔

## خصوصی تعلیم میں دستور عمل کے تحفظ

آئیڈیا (IDEA) کے تحت اصطلاح *والدین* سے مراد حیاتیاتی والدین، گود لینے والے والدین، ریاست کے تقاضوں پر پُورا اُترنے والے، پرورش کرنے والے والدین، کوئی سر پرست، کوئی فرد جو حیاتیاتی یا گود لینے والے والدین کی قائم مقامی کرتا ہو، (بشمول دادا، دادی، نانا، نانی، سوتیلے والد، سوتیلی والدہ، یا دیگر رشتہ دار)، جن کے ساتھ بچہ/ بچی رہائش پذیر ہو، کوئی ایسا فرد جو قانونی طور پر بچے/ بچی کی فلاح وبہبود کا ذمہ دار ہو سروگیٹ والدین ہیں۔

اصطلاح *مادری زبان* کو انگریزی کی محدود اہلیت رکھنے والے شخص کے ساتھ استعمال کئے جانے پر، اس سے مراد ایسا شخص جو عام طور پر جو زبان استعمال کرتا ہے؛ جب اس کا استعمال کسی ایسے شخص کے لئے کیا جائے جو بہرا ہو یا سماعت کے نقص کا شکار ہو تو مادری زبان سے مراد اس شخص کے ذریعہ بات چیت کے لئے عام طورپراستعمال کیا جانے والا طریقہ ہے۔

اسکول کے لئے ضروری ہے کہ وہ آپ کو *دستور عمل کے تحفظ کا یہ نوٹس* ایک تعلیمی سال میں صرف ایک بار، سوائے اس کے کہ اسکول کے لئے آپ کو اس دستاویز کی دوسری نقل دینا ضروری ہو: ابتدائی حوالہ یا تشخیص کے لئے آپ کی درخواست پر: ٹی ای اے (TEA) کے پاس جمع کردہ پہلی خصوصی تعلیم کی شکایت کی موصولی پر؛ پہلی باضابطہ سماعت کی شکایت کی موصولی پر؛ جگہ کی تبدیلی کرنے والی تادیبی کارروائی کے لئے کوئی فیصلہ کرتے وقت؛ یا آپ کی درخواست پر فراہم کرے۔

آپ اور اسکول داخلہ، جائزہ اور برخاستگی (**ARD**) کمیٹی کے ذریعہ آپ کے بچے/ بچی کے تعلیمی پروگرام کے بارے میں فیصلے کریں گے۔ اے آر ڈی (ARD) کمیٹی اس بات کا تعین کرے گی کہ آپ کا بچہ/ بچی خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات کے لئے اہل ہے۔ اے آر ڈی (ARD) کمیٹی آپ کے بچے/ بچی کے انفرادی تعلیمی پروگرام؛ (**IEP**) کو تیار کرے گی، اس کا جائزہ لے گی اور اس پر نظر ثانی کرے گی اورآپ کے بچے/ بچی کی تعلیمی جگہ کا تعین کرے گی۔ علاوہ ازیں اے آر ڈی (ARD) کمیٹی اور آئیڈیا (IDEA) کے کردار کے تعلق سے اضافی معلومات ایک معاون دستاویز *داخلہ، جائزہ اور برخاستگی کے عمل سے متعلق والدین کے ہدایت نامہ* کی صورت میں آپ کے اسکول سے دستیاب ہوگی۔ (Link: fw.escapps.net).

## رضاعی والدین کی حیثیت رکھنے والےوالدین

آئیدیا IDEA کے تحت، رضاعی والدین حقیقی والدین کے طور پراُس وقت تک پرورش کرسکتے ہیں جب تک ریاست کا قانون یا ضابطہ اُنہیں ایسا کرنے سے روک دے یا مقامی آدمی رضاعی والدین کو پرورش کرنے سے روکے۔ ٹیکساس میں اگر آپ کسی معذور بچے کے رضاعی والدین ہیں تو آپ حقیقی والدین کے طور پر کام کر سکتے ہیں۔ لیکن اس کے لئے آپ خصوصی تعلیم کے فیصلوں میں شرکت کرنے پر رضامند ہوں اور اگر آپ بچے کی ARDکی میٹنگ سے پہلے آپ مطلوبہ تربیتی پروگرام مکمل کر لیں، یہ اس دن کے 90 دن کے بعد نہ ہو جب آپ نے بچے کی خصوصی تعلیم سے متعلق فیصلے کرنے کے لیے بحیثیت والدین عمل کرنا شروع کیا ہو۔ آپ کے ذریعہ ایک منظور شدہ تربیتی پروگرام مکمل کرنے کے بعد، آپ کو اسی بچے/ بچی کے لئے ایک والدین یا کسی دوسرے بچے/ بچی کے رضاعی والدین کا کردار ادا کرنے کے لئے اس تربیتی پروگرام کو دوبارہ مکمل کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔ اگر اسکول خصوصی تعلیمی فیصلہ سازی کے لئے ایک والدین کے طور پر آپ کا تقرر نہ کرنے کا فیصلہ کرے تو اسکول کے لئے ضروری ہے کہ وہ اس فیصلے کے بعد سے سات دنوں کے اندر، آپ کو اس بات کی تحریری اطلاع دے۔ اس اطلاع میں ایل ای اے (LEA) کے ذریعہ لئے گئے فیصلہ کی اسباب کی وضاحت ہونی چاہیے اور اس میں آپ کو اس بات کی اطلاع دی جانی چاہیے کہ آپ ٹی ای اے (TEA) کے پاس خصوصی تعلیم سے متعلق شکایت درج کروا سکتے ہیں۔

## قائم مقام والدین

اگر معقول کوششوں کے بعد، اسکول کو والد/ والدہ کی شناخت کرنے یا والد/ والدہ کا پتہ لگانے میں ناکامی ہو ، پرورش کرنے والے والدین میں سے کوئی بھی والد/ والدہ کا کردار ادا کرنے کے لئے راضی نہ ہو یا ایسا کرنے سے قاصر ہو، بچہ/بچی کسی فوسٹر ہوم کے ماحول میں رہائش پذیر نہ ہو یا بچہ/ بچی ریاست کی تحویل میں ہو تو اسکول کے لئے ضروری ہے کہ وہ ایک قائم مقام والدین کا تقرر کرے۔ اسکول کو چاہیے کہ وہ ایک تنہا بے گھر بچے/ بچی کے لئے ایک قائم مقام والد/ والدہ کا تعین کرے، جیسا کہ میک کینی- وینٹو ہوم لیس اسسٹینس ایکٹ (McKinney-Vento Homeless Assistance Act) میں وضاحت کی گئی ہے۔ بے گھر یا متبادل نگہداشت والے بچے کے لیے قائم مقام والدین کی تقرری کے بعد، جتنی جلدی قابل عمل ہو اسکول کو لازمی طور پر بچے کے تعلیمی فیصلہ ساز اور کیس

ورکر کی تقرری کا نوٹس فراہم کرنا چاہیے۔ مزید معلومات کے لئے وزٹ کریں: [Children and Youth Experiencing Homelessness (Link: bit.ly/39v6KzG).](https://bit.ly/39v6KzG)

قائم مقام والدین کا کردار ادا کرنے کا اہل ہونے کے لیے ضروری ہے کہ آپ TAE، اسکول یا بچہ/ بچی کی تعلیم یا نگہداشت میں شامل دیگر کسی ایجنسی کے ملازم نہ ہوں ، اور آپ کا کوئی مفاد بچہ / بچی کے مفاد سے متصادم نہ ہو۔ ایک قائم مقام والدین کے طور پر مقرر کئے جانے والے والدین کو معقول معلومات اور مہارتوں کا حامل ہونا چاہیے اور وہ بچہ/ بچی کی مفادات کے حصول کے سلسلے میں آزادانہ فیصلہ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہوں، اس بات کو یقینی بناتے ہوں کہ بچے/ بچی کے قانونی کارروائی کے حقوق کی خلاف ورزی نہیں کی گئی ہے، بچہ/ بچی سے ملاقات کرتے ہوں اور اسکول کا دورہ کرتے ہوں، بچے/ بچی کے تعلیمی ریکارڈ کا جائزہ لیتے ہوں، بچے/ بچی کی تعلیم میں شامل کسی شخص کے ساتھ مشورہ کرتے ہوں، اے آر ڈی (ARD) کمیٹی کی میٹنگز میں شرکت کرتے ہوں اور انہوں نے ایک تربیتی پروگرام پورا کیا ہو۔ اسکول کے ذریعہ قائم مقام والدین کے طور پر اپنا کردار ادا کرنے کے لئے متعین کئے جانے والے شخص کو بچہ / بچی کی اگلی اے آر ڈی (ARD) کمیٹی کی میٹنگ سے قبل، لیکن بچے/ بچی کے ایک قائم مقام والد/والدہ کے طور پر ابتدائی تقرر کی تاریخ کے 90 ویں دن سے پہلے، ایک تربیتی پروگرام مکمل کرنا ہوگا۔ آپ کے ذریعہ ایک منظور شدہ تربیتی پروگرام مکمل کرنے کے بعد، آپ کو اسی بچے/ بچی کے لئے ایک والدین یا ایک اور بچے/ بچی کے قائم مقام والدین کا کردار ادا کرنے کے لئے اس تربیتی پروگرام کو دوبارہ مکمل کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔
قائم مقام والدین کی اضافی ضروریارت کے لئے مندرجہ ذیل کو دیکھیں [19 TAC §89.1047 (Link: bit.ly/39B7jla)](https://bit.ly/39B7jla)

## چائلڈ فائنڈ (بچے کی تلاش)

ریاست میں رہائش پذیر تمام معذور بچےجنہیں خصوصی تعلیم اور اِس سے متعلقہ خدمات کی ضرورت ہے،بشمول ایسے تمام معذور، بے گھربچے یا وہ جو ریاست کی نگرانی میں ہیں، اور ایسے معذور بچے جو نجی سکولوں میں جاتے ہیں، اس بات سے قطع نظر کہ اُن کی معذوری کتنی شدت کی ہے اُ ن کی شناخت کرنا، ان کا پتہ لگانا اوران کی جانچ کرنے کے عمل کو 'چائلڈ فائنڈ' کہا جاتا ہے۔

چائلڈ فائنڈ کی اپنی سرگرمیوں کے حصے کے طور پر، ایک LEA کے لئے ضروری ہے کہ وہ خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات کی ضرورت رکھنے والے بچوں کا پتہ لگانے، ان کی شناخت اور تشخیص کرنے کے لئے معقول سرکولیشن والے اخبارات یا دیگر میڈیا یا دونوں میں ایک اطلاع شائع کرے یا اس کا اعلان کرے۔ بچے کی تلاش کی ضروریات کا ایک مکمل بیان اِس پر حوالہ تلاش کریں
[The Legal Framework for the Child-Centered Special Education Process (Link: fw.escapps.net).](https://fw.escapps.net)

## پیشگی تحریری نوٹس

آپ کو آپ کے بچے/ بچی کی خصوصی تعلیمی ضروریات سے متعلق اسکول کی کارروائیوں کے بارے میں تحریری طور پر معلومات دئے جانے کا حق حاصل ہے۔ اس سے پہلے کہ اسکول آپ کے بچے/ بچی کی شناخت، تشخیص، یا تعلیمی جگہ کا تعین یا آپ کے بچے/ بچی کو فراہم کی جانے والی مفت مناسب سرکاری تعلیم **(FAPE)** کا آغاز یا تبدیلی کرے، اسکول کے لئے ضروری ہے کہ وہ آپ کو موذوں وقت پر پیشگی تحریری اطلاع دے۔ اسکول کے ذریعہ آپ کے بچے/ بچی کی شناخت، تشخیص، یا تعلیمی جگہ یا آپ کے بچے/ بچی کو فراہم کی جانے والی ایف اے پی ای (FAPE) کے آغاز یا تبدیلی سے انکار سے پہلے آپ کو پیشگی تحریری اطلاع حاصل کرنے کا بھی حق ہے۔ اس بات سے قطع نظر کہ آیا آپ تبدیلی پر راضی ہیں یا آپ نے تبدیلی کے لئے درخواست دی تھی، اسکول کو چاہیے کہ وہ آپ کو پیشگی تحریری اطلاع دے۔

ٹیکساس میں، سکول کی طرف سے تجویز کرنے یا انکار کرنے کا پیشگی تحریری نوٹس سکول کے آغاز سے کم از کم پانچ دن پہلے یا اِس سے کم مُدت پر آپ متفق ہوں، جاری کرنا ہو گا۔

اسکول کو پیشگی تحریری اطلاع میں درج ذیل امور کو لازماً شامل کرنا چاہیے: ان کارروائیوں کی ایک وضاحت، جو اسکول تجویز کر رہا ہے یا جن سے انکار کر رہا ہے؛ اس بات کی ایک وضاحت کہ اسکول کس لئے اس کارروائی کر رہا ہے یا اس سے انکار کر رہا ہے؛ ہر تشخیصی کارروائی، تخمینہ، اندراج یا اس بات کی رپورٹ جن کی اسکول نے کارروائی کا فیصلہ کرنے سے پہلے جن کی تجویز دی ہو یا جن سے انکار کیا ہو، اس کی صراحت؛ ایک بیان کہ آپ کو آئیڈیا (IDEA) کے تحت دستورعمل کے تحفظ کے تحت تحفظ حاصل ہے۔ اس بات کی ایک وضاحت کہ اس *دستورعمل کے تحفظ کے نوٹس* کی ایک نقل کیسے حاصل کی جائے؛ ان افراد یا تنظیموں سے رابطہ کی معلومات جو آپ کو آئیڈیا (IDEA) کو سمجھنے میں مدد کر سکتی ہیں؛ دیگر انتخابات کی ایک وضاحت، جن پر آپ کے بچے/ آپ کی بچی کی اے آر ڈی (ARD) کمیٹی نے غور کیا ہو اور اس بات کا سبب کہ ان انتخابات کو کیوں مسترد کیا گیا ہے؛ اور ان دیگر وجوہات کی وضاحت، جن کی بنا پر اسکول کارروائی کر رہا ہے یا اس سے انکار کر رہا ہے۔

یہ اطلاع ایک ایسی زبان میں لکھی ہونی چاہیے جسے عوام الناس سمجھ سکتے ہوں اور ان کا آپ کی مادری زبان یا بات چیت کے دیگر طریقہ میں ترجمہ ہونا چاہیے، سوائے اس کے کہ ایسا کرنا واضح طور پر ممکن نہ ہو۔

اگر آپ کی مادری زبان یا بات چیت کا ذریعہ کوئی تحریری زبان نہیں ہے تو اسکول کو چاہیے کہ وہ زبانی طور پر یا کسی دوسرے ذریعہ سے نوٹس کا ترجمہ آپ کی مادری زبان میں کرے، تاکہ آپ اسے سمجھ سکیں۔ اسکول کے پاس اس بات کا تحریری ثبوت ہونا چاہیے کہ ایسا کیا جا چکا ہے۔

اگر اسکول کے ذریعہ آپ کے بچے/ بچی کو خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات کی فراہمی شروع کئے جانے کے بعد، آپ کسی بھی وقت خدمات کے لئے اپنی رضامندی منسوخ کریں تو اسکول کو چاہیے کہ وہ آپ کے بچے/ بچی کو خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات کی فراہمی بند کر دے۔ تاہم، اسکول کو چاہیے کہ وہ خدمات روکنے سے کم از کم پانچ دن پہلے یا اس سے کم مدت جس پر آپ متفق ہوں، پیشگی تحریری اطلاع دے

## الیکٹرانک میل

اگر سکول کے پاس یہ سہولت میسر ہو تو کسی معذور بچے کے والدین الیکٹرانک میل کے ذریعے تحریری نوٹس وصول کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

## والدین کی رضامندی

اسکول کو چاہیے کہ وہ چند مخصوص امور کو انجام دینے سے پہلے آپ سے باخبررضامندی حاصل کرے۔ آپ کی باخبر رضامندی سے مراد یہ ہے کہ: جس کارروائی کے لئے آپ کی اجازت حاصل کی گئی ہو، آپ کو اس کے بارے میں آپ کی مادری زبان یا بات چیت کے دیگر طریقہ میں معلومات دی گئی ہوں؛ آپ اس سرگرمی کو سمجھتے ہوں اور اس سے تحریری طور پر متفق ہوں جس کے لئے آپ کی اجازت حاصل کی گئی ہے ؛ اور تحریری رضامندی اس سرگرمی اور ایسے کسی بھی ریکارڈز کو بیان کرتی ہو جسے جاری کیا جائے گا اور یہ کہ کن لوگوں کو جاری کیا جائے گا، اور آپ اس بات کو سمجھتے ہوں کہ آپ کی اجازت کی فراہمی رضاکارانہ ہے اور اسے کسی بھی وقت واپس لیا جا سکتا ہے۔ اگر آپ خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات کی فراہمی کو جاری رکھنے کے لئے اپنی رضامندی واپس لینا چاہتے ہیں تو آپ کو تحریری طور پر ایسا کرنا ہوگا۔ اگر آپ اپنی رضامندی دینے کے بعد اسے منسوخ کرتے ہیں تو آپ کا منسوخ کرنے کا عمل قابل واپسی نہیں ہوگا۔

اسکول کے لئے ضروری ہے کہ وہ والدین کی رضامندی حاصل کرنے کے لئے کی گئی معقول کوششوں کی ایک دستاویز تیار کریں۔ اس دستاویز میں رضامندی حاصل کرنے کے لئے اسکول کے ذریعہ کی گئی کوششیں، جیسا کہ تفصیلی فون ریکارڈز، خط و کتابت کی نقول اور آپ کی رہائش گاہ یا کام کی جگہ پر کئے گئے دورے کے تفصیلی ریکارڈز۔

## ابتدائی تشخیص

آئیڈیا (IDEA) کے تحت اسکول کو چاہیے کہ وہ آپ کے معذوری والے بچے/ بچی کی اہلیت کے لئے آپ کے بچے/ بچی کی ابتدائی تشخیص کی انجام دہی سے پہلے، آپ کو دستور عمل کے تحفظ کی نقل اور پیشگی تحریری اطلاع دے اور آپ کی رضامندی حاصل کرے۔ اسکول کو چاہیے کہ وہ ابتدائی تشخیص کے لئے آپ کی رضامندی حاصل کرنے کے لئے معقول کوششیں کرے۔ ابتدائی تشخیص کے لئے آپ کی رضامندی کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ نے اسکول کو اپنے بچے کو خصوصی تعلیمی اور متعلقہ خدمات کی فراہمی شروع کرنے کے لئے بھی اپنی رضا مندی دی ہے۔ اگر آپ کا بچہ/ بچی ریاست کی تحویل میں ہے اور وہ آپ کے ساتھ رہائش پذیر نہیں ہے تو ، اگر اسکول آپ کو تلاش نہیں کر سکے یا عدالت کے ذریعہ آپ کے والدینی حقوق کو ختم کیا گیا ہو یا انہیں کسی دوسرے شخص کو تفویض کیا گیا ہو تو اسکول کے لیے آپ کی رضامندی حاصل کرنا ضروری نہیں ہے ۔

## ابتدائی خدمات

آپ کے بچے/ بچی کو پہلی بار خصوصی تعلیمی اور متعلقہ خدمات کی فراہمی سے پہلے اسکول کو آپ کی باخبر رضامندی لازماً درکار ہے۔ آپ کے بچے کو پہلی مرتبہ خصوصی تعلیم اور متعلقہ سہولتیں دینےسے پہلے سکول کو چاہئے کہ وہ آپ کی باخبر رضامندی حاصل کرنے کے لئے مناسب کوششیں کرے۔ اگر آپ اپنے بچے کے لیے پہلی بار خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات کے لئے رضامندی کی فراہمی کی درخواست کا جواب نہ دیں، یا اپنی رضامندی دینے سے انکار کریں یا تحریری طور پرمنسوخ کریں تو ہو سکتا ہے کہ آپ کا اسکول طریقہ کار کا تحفظ استعمال نہ کرے ( مثال کے طور پر مصالحت، شکایت کے لئے دُرست عمل، حل کے لئے اجلاس یا دُرست عمل کے لئے ایک غیر جانبدار سماعت ) ایک معاہدہ یا حکم نامہ حاصل کرنے کے لئے جس سے آپ کے بچے کی ARD کمیٹی کی طرف سے خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات فراہم کی جائیں۔ جو آپ کی رضامندی حاصل کئے بغیر ہوں۔

اگر آپ اپنے بچے کو پہلی مرتبہ خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات دینے سے اپنی رضامندی دینے سے انکار کریں، یا اگر آپ رضامندی کی درخواست کا جواب فراہم نہ کریں یا بعد میں تحریری طور پر اِس کو منسوخ کردیں یا آپ کے بچے کو سکول خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات دینے کی رضامندی فراہم نہ کرے تو آپ کا سکول FAPE کی ضروریات کی خلاف ورزی نہیں کرتا ہے۔ جو آپ کے بچے کو میسر خدمات دینے میں ناکامی ہے۔ یہ ضروری نہیں ہے کہ ARD کمیٹی کا ایک اجلاس منعقد کیا جائے اور آپ کے بچے کی خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات دینے کی رضامندی کی IEP بنائی جائے۔

اگر آپ کے بچے کو پہلی بار خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات دینے کے بعد آپ اپنی رضامندی تحریری طور پر کسی بھی وقت منسوخ کردیں تو ہو سکتا ہے کہ سکول ایسی خدمات فراہم نہ کرے، لیکن اس کے لئے آپ کو پیشگی تحریری نوٹس فراہم کیا جائے گا۔ جیسا کہ پیشگی تحریری نوٹس کے عنوان میں ان خدمات کی فراہمی کو روکنےکے بارے میں بیان کیا گیا ہے۔

## دوبارہ تشخیص

آپ کے بچے/ بچی کی دوبارہ تشخیص کے لئے اسکول کے لئے ضروری ہے کہ وہ آپ کی رضامندی حاصل کرے، سوائے اس کے کہ وہ اس بات کا مظاہرہ کر سکے کہ آپ کی رضامندی حاصل کرنے کے لئے اس کے ذریعہ معقول اقدامات کئے ہیں اورآپ کو ئی جواب دینے سے قاصر رہے ہیں۔

*منسوخ شدہ کارروائی* - اگر آپ کے بچے/ بچی کا داخلہ سرکاری اسکول میں کیا جاتا ہے یا آپ سرکاری سکول میں داخلے کی کوشش کر رہے ہیں اور آپ ابتدائی تشخیص یا دوبارہ تشخیص کے لئے اپنی رضامندی فراہم کرنے سے انکار کرتے ہیں، یا ابتدائی جانچ کی درخواست کا جواب دینے میں ناکام رہتے ہیں تو اسکول IDEA کی ثالثی یا منصفانہ عمل کی غیرجانبدارانہ سماعت، صلح کی میٹنگز، کی کارروائیوں کے ذریعہ آپ کے

بچے/ بچی کی تشخیص یا دوبارہ تشخیص انجام دے سکتے ہیں، لیکن اسکول کے لئے ایسا کرنا ضروری نہیں ہے۔ سکول آپ کے بچے کا پتہ لگانے، شناخت کرنے اور جانچ کرتے ہو ئے اپنی ذمہ داریوں کی خلاف ورزی نہیں کرے گا ( بچے کی تلاش کی ذمہ داریاں) اگر ان حالات میں وہ آپ کے بچے کی جانچ کی کوشش نہیں کرتا۔

اگر آپ اپنے بچے کی دوبارہ جانچ کی رضامندی سے انکار کرتے ہیں تو ہو سکتا ہے کہ سکول، مگر یہ ضروری نہیں ہے، ثالثی، منصفانہ عمل، شکایت، مصالحتی اجلاس اور غیر جانبدار مصالحتی عمل کی سماعت سے آپ کے اپنے بچے کی دوبارہ جانچ سے انکار کو مسترد کرنے کا متلاشی ہوسکتا ہے۔ ابتدا ئی جانچ کے ساتھ، IDEA کے تحت سکول اپنی ذمہ داریوں کی خلاف ورزی نہیں کرتا اگر وہ اس طریقے سے دوبارہ جانچ کی کوشش کو رد کرتا ہے۔

اگر ایسا بچہ جو گھر پر تعلیم حاصل کرتا ہے یا کسی نجی سکول میں داخل ہے، کے والدین اُس کا خرچہ خود برداشت کرتے ہیں اور اپنے بچے کی جانچ یا دوبارہ جانچ پر رضامند نہیں ہوتے یا جانچ کی درخواست کا جواب دینے سے قاصر رہتے ہیں، تو سکول اُوپر بتائے گئے طریقہ کار کواستعمال کرتے ہوئے IDEA کی رضامندی کو مسترد نہیں کر سکتا۔ اور سکول ڈسٹرکٹ کے لئے یہ ضروری نہیں ہے کہ وہ آپ کے بچے کو مساوی خدمات کے اہل سمجھے۔( ایسی پرورش کی خدمات معذور بچوں کے کچھ نجی تعلیمی اداروں میں فراہم کی جاتی ہیں)

سکول کی طرف سے موجودہ ڈیٹا کی جانچ کے لئے آپ کی رضامندی کی ضرورت نہیں ہے جو کہ بچے کی جانچ یا دوبارہ جانچ کے حصے کے طور پر ہے۔ یا آپ کے بچے کو ایک ٹیسٹ دیا جاتا ہے یا کو ئی اور جانچ کی جائے جو تمام بچوں کے لئے بھی ہو جب تک کہ اس میں تمام بچوں کے والدین کی رضامندی شامل نہ ہو۔ یہ ہو سکتا ہے کہ سکول آپ کے انکار کو کسی دوسری سرگرمی یا خدمت کے لئے استعمال نہ کرے جس سے آپ کے بچے کو کسی دوسری سرگرمی، خدمت، یا فائدے سے روکا جائے۔

## آزادانہ تعلیمی تشخیص

ایک آزادانہ تعلیمی تشخیص (**IEE**) ایک ایسی تشخیص ہے جو ایک ایسے شخص کے ذریعہ کروائی جاتی ہے جو اسکول کا ملازم نہیں ہوتا ۔اگر آپ سکول کی طرف سے کی گئی جانچ سے متفق نہیں ہیں تو آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ **IEE** حاصل کریں۔اگر آپ **IEE** کے لئے کہیں تو سکول آپ کو اس کی جانچ کے طریقہ کار کےبارے ضرورمعلومات فراہم کرے گا کہ ایک **IEE** کہاں سے حاصل کی جاسکتی ہے،کے بارے میں معلومات فراہم کرے۔

## IEE عوام کے خرچ پر

اگر آپ سکول کی طرف سے فراہم کی گئی جانچ سے متفق نہیں ہیں تو آپ کا یہ حق ہے کہ عوام کے خرچ پر جانچ کے لئےکسی ایسے شخص کوجوسکول کے لئے کام نہ کرتا ہو، کو درخواست دیں۔

عوام کے خرچے سے مُراد یہ ہے کہ سکول جانچ کی مکمل ادائیگی کرے گا یا پھر آپ کو جانچ بغیر پیسوں کے فراہم کی جائے۔
اگر آپ اپنے بچے کی عوام کے خرچ پر IEE کروانے کے لئے درخواست دیں تو سکول پر لازم ہے کہ بغیر کسی غیر ضروری تا خیر کے، **یا تو**(a) شکایت کے مجوزہ طریقہ کار کی سماعت کے لئے اندراج کروائے جس سے یہ ظاہر ہو کہ آپ کے بچے کی جانچ موزوں طور پر کی گئی **ہے**۔(b) عوام کے خرچ پر ایک IEE فراہم کرے، یہاں تک کہ ایک سماعت کے دوران سکول اس بات کا مظاہرہ کرے کہ اپنے بچے کی جو جانچ آپ نے حاصل کی ہے سکول کے طریقہ کار کے مطابق نہیں ہے۔

سکول کی جانب سے ہر مرتبہ کی گئی جانچ جس سے آپ متفق نہ ہوں تو آپ کو اس بات کا حق حا صل ہے کہ آپ عوام کے خرچ پر صرف ایک مرتبہ IEE حاصل کر سکیں۔

اگر آپ نے اپنے بچے کی IEE کی درخواست دی ہے، تو اسکول آپ سے یہ دریافت کر سکتا ہے کہ آپ کیوں ان کی تشخیص سے غیر متفق ہیں، لیکن اسکول آپ کو اپنے عدم اتفاق کی وضاحت کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے آئی ای ای (IEE) کی انجام دہی کو نامعقول طور پر مؤخر یا اس سے انکار نہیں کر سکتا یا عوام کے خرچ پر ایک IEE فراہم کرنے میں غیر مناسب تا خیر نہیں کر سکتا یا اس شکایت کے عمل کی سماعت درج کروائے جس میں سکول کی جانب سے آپ کے بچے کی جانچ کا دفاع کیا جائے۔

## آئی ای ای (IEE) کی کسوٹی

اگر کوئی آئی ای ای (IEE) سرکاری خرچ پر ہو تو تشخیص کے حصول کے لئے درکار کسوٹیاں، بشمول تشخیص کا مقام اور ممتحن کی قابلیت وہی ہونی چاہیے جنہیں اسکول کے ذریعہ اپنی تشخیص کے آغاز پر استعمال کیا جاتا ہے (ان کسوٹیوں کے لئے آپ کے آئی ای ای (IEE) کے حقوق کی مطابقت کرنے کی حد تک)۔ سوائے ان کسوٹیوں کے جنہیں اوپر بیان کیا گیا ہے، کوئی اسکول سرکاری خرچ پر آئی ای ای (IEE) کے حصول کے لئے کوئی شرائط یا مقررہ اوقات لاگو نہیں کر سکتا۔

## افسر سماعت کا تعین

اگر کوئی اسکول باضابطہ سماعت کی درخواست کے لئے باضابطہ عمل کی شکایت دائر کرے اور افسر سماعت اس بات کا تعین کرتا ہے کہ اسکول کی تشخیص مناسب ہے یا آپ کے ذریعہ حاصل کردہ آئی ای ای (IEE) تشخیص اسکول کے آئی ای ای (IEE) کی کسوٹیوں پر پوری نہیں اترتی تو اس صورت میں اسکول کو اس آئی ای ای (IEE) کے لئے ادائیگی نہیں کرنی پڑے گی۔

## نجی خرچ پر آئی ای ای (IEE)

آپ کو ہمیشہ اپنے خرچ پر آئی ای ای (IEE) کروانے کا حق حاصل ہے۔ چاہے اس کے لئے کوئی بھی ادائیگی کرے، اسکول کو آپ کے بچے/ بچی کو ایف اے پی ای (FAPE) کی فراہمی کے بارے میں کسی بھی فیصلہ میں اس آئی ای ای (IEE) کو ملحوظ رکھنا ہوگا۔ آپ آئی ای ای (IEE) کو باضابطہ سماعت میں بطور ثبوت بھی پیش کر سکتے ہیں۔

**افسر سماعت کے ذریعہ حکم کردہ آئی ای ای (IEE)**
اگر کوئی افسر سماعت آئی ای ای (IEE) کروانے کا حکم دے تو اسکول کو باضابطہ سماعت کے ایک حصہ کے طور پر اس کے لئے ادائیگی کرنی ہوگی۔

## معذور بچے کو نظم و ضبط سکھانے کا طریقہ کار

### سکول کے فرد کا اختیار

**مقدمے سے مقدمے کے لحاظ سے فیصلہ کرنا**
سکول کا فرد ہو سکتا ہے ہر معاملے کو منفرد انداز میں دیکھے کہ نظم وضبط کے لئے معذور بچے کی جگہ کی تبدیلی ہر مقدمے کے لحاظ سے مندرجہ ذیل ضروریات کے مطابق کی گئی ہے کہ اس بچے نے سکول کے طالب علم کی حثیت سے نظم وضبط کی خلاف ورزی کی ہے۔

**عام باتیں**
ایسے بچے جو معذوری کی بغیر ہیں اُن کے خلاف کس حد تک ایکشن لیا گیا ہے۔ سکول کا فرد ، ہو سکتا ہے ، جو سکول کےلگا تار 10 دنوں سے زیادہ نہ ہو، جس نے اپنے موجودہ سکول سے ضابطہ اَخلاق کی خلاف ورزی کی ہے جو ایک (IEAS ) سے کسی دوسری جگہ یا معطلی ہے۔ سکول کا عملہ آپ کے بچے پر اضافی اخراج لگا اُس وقت تک کہ یہ اخراج جگہ کی تبدیلی کے حوالے سے نہیں ہو۔ سکتا ہے جس میں 10 یا اس سے کم دنوں کے لئے نظم وضبط کی خلاف ورزی کے کسی دوسرے معاملے میں کی گئی ہو ( اس کے لئے تعریف کے لحاظ سے نظم وضبط کی خلاف ورزی کی وجہ سے جگہ کی تبدیلی کا عنوان دیکھیں) اگر کسی معذور بچے کو ایک ہی سکول کے سال کے دوران 10 دنوں کے لئے سکول سے خارج کر دیا جائے ، تو اسی سکول کے سال کے دوران کسی بھی اگلے دِنوں میں بچے کو ایک حد تک خدمات فراہم کرنا ہوں گی جو کہ خدمات کے ذیلی عنوان میں درج کیا گیا ہے۔

**اضافی اختیارات**
اگر ایسا رویہ جو نظم و ضبط کی خلاف ورزی کی وجہ بنا ہو جس سے بچے کی معذوری کا اظہار نہ ہو اور نظم وضبط کی وجہ سے جگہ کی تبدیلی میں سکول کے 10 دنوں سے زیادہ کا وقت ہو جائے تو سکول کا عملہ معذور بچے کے ساتھ بھی ویسا ہی برتاؤ کرے گا جس طرح اسی عرصہ کے دوران بغیر معذوری والے بچے سے کیا جاتا ہے، سوا ئے اس کے خدمات کے عنوان کے مطابق اس کو سکول کی طرف سے خدمات فراہم کرنا ہوں گی۔ بچے کی ARD کمیٹی ایسی خدمات کے لئے IAES طے کرے گی۔

**خدمات**
سکول ڈسٹرکٹ کسی ایسے معذور یا غیر معذور بچے کو خدمات فراہم نہیں کرتا جو اپنی موجودہ جگہ سے سکول کے سال کے دوران 10 دنوں یا اس سے کم عرصہ کے لئے خارج رہا ہو۔

ایسا معذور بچہ جو اپنی موجودہ جگہ سے 10 دنوں سے زیادہ عرصہ کے لئے خارج رہا ہو اور اُس کے رویے کا اظہار اس کی معذوری نہ ہو یا مخصوص حالات میں جس کا اخراج ہو اس کے لئے ضروری ہے کہ:

- تعلیمی خدمات کا لگاتار حصول (FAPE میں دستیاب ہو) اس طرح آپ کا بچہ کسی اور جگہ عمومی نصابی تعلیم میں شرکت کرنا جاری رکھنے کے قابل ہو جائے( ہو سکتا ہے کہ یہ کسی IEAS میں ہو) اور بچے کے IEA میں طے کی گئے مقاصد کے حصول کے لئے ترقی کرے؛اور
- عملی رویے کی مناسب جانچ، رویے میں مداخلت اور ترامیم کرنےکی خدمات حاصل کر لے جنہیں رویے کی خلاف ورزی کے بارے میں توجہ کے لئے ترتیب دیا گیا ہے تا کہ ایسا دوبارہ نہ ہو سکے۔

اگر ایک معذور بچے کو اسی سکول کےسال کے دوران موجودہ جگہ سے 10 دن کے لئے خارج کردیا جا ئے اور موجودہ اخراج 10 دنوں یا اس سے کم وقت کے لئے ہو اور اخراج موجودہ جگہ کی تبدیلی کے لئے نہ ہو( تعریف نیچے درج ہے) تب سکول کا عملہ بچے کے کم از کم ایک اُستاد سے مشاورت کے بعد کہ کون سی خدمات کس حد تک ضروری ہیں جن کی بدولت بچہ عمومی نصابی تعلیم میں شمولیت کو جاری رکھ سکے، چاہے وہ کسی اور جگہ پر ہوں اور بچے کی IEPکی جانب سے قائم کردہ منزلِ مقصود کی جانب ترقی کر ہو سکے۔

اگر اخراج جگہ کی تبدیلی ہے تو بچے کی ARD کمیٹی بچے کو مناسب خدمات فراہم کرنے کے بارے میں طے کرے گی جن سے بچہ اس قابل ہو سکے کہ وہ اپنی عمومی نصابی تعلیم میں شمولیت کسی اور جگہ پر جاری رکھ سکے ( یہ IAES میں ہو سکتا ہے) ہوں اور بچے کی IEPکی جانب سے قائم کردہ منزلِ مقصود کی جانب ترقی ہو سکے۔

**وضاحت طے کرنا**
ایک معذور بچے کی طرف سے ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کی وجہ سے جگہ کی تبدیلی کے فیصلے کے 10 دن کے اندر( سوائے سکول سے اخراج کے 10 دن یا اس سے کم اور جگہ کی تبدیلی نہ ہو) تو سکول، آپ اور ARD کمیٹی کے متعلقہ ارکان ( جنہیں آپ اور سکول کی طرف سے طے کیا گیا ہے) طالبعلم کی فائل میں درج تمام معلومات کو پھر سے دیکھنا ہو گا جس میں بچے کی IEP، کسی اُستاد کی جانب سے مشاہدات، اور کوئی بھی دوسری متعلقہ معلومات جو آپ نے فراہم کی ہوں یہ طے کرنے کے لئے کہ:

- اگر زیرِبحث رویے کی وجوہات یہ تھیں یا اُن کا براہِ راست بہت گہرا تعلق بچے کی معذوری کے ساتھ ہے۔
- اگر زیر بحث معاملہ کا تعلق سکول کی طرف سے بچے کی IEP کے نفاذ میں ناکامی ہے۔

اگر سکول، آپ اور ARD کے متعلقہ ممبران یہ طے کریں کہ یہ دونوں شرائط پُوری ہوئی ہیں اور اس رویے سے بچے کی معذوری کا اظہار ہوتا ہے۔

اگر سکول، آپ اور ARD کے متعلقہ ممبران یہ طے کریں کہ زیرِ بحث معاملے کا تعلق سکول کی طرف سے IEP کے نفاذ میں ناکامی ہے۔ تو سکول کو یہ کمی دور کرنے کے لئے فوری ایکشن لینا چاہیئے۔

**اس بات کا تعین کرنا کہ وہ رویہ بچے کی معذوری کا اظہار ہے۔**
اگر سکول، آپ اور ARD کے متعلقہ ممبران یہ طے کریں کہ وہ رویہ بچے کی معذوری کا اظہار ہے۔ تو
ARD کو چاہئے کہ وہ یا تو:

- رویے کی عملی جانچ کریں جب تک سکول اس رویے سے پہلے ایک عملی جانچ نہ کر لے جس کی وجہ سے جگہ کی تبدیلی واقع ہوئی اور آپ کے بچے کے لئے رویے میں مداخلت کے منصوبے کو نافذ کرے یا:
- اگر رویے میں مداخلت کا منصوبہ پہلے ہی سے تخلیق کیا جا چکا ہے تو رویے میں مداخلت کے منصوبے کا پھر سے جائزہ لیں، اس میں ترمیم کریں اور اگر ضروری سمجھیں اس پر بات کریں۔

جیسا کہ خصوصی حالات کے حصہ میں نیچے بیان کیا گیا ہے اس کے علاوہ سکول کو آپ کے بچے کو اُسی جگہ واپس بھیجنا ہو گا جہاں سے اُسے خارج کیا گیا جب تک کے سکول ڈسٹرکٹ اس بات پر رضامند نہ ہو جا ئے کہ جگہ کی تبدیلی رویے میں مداخلت کے منصوبے کا حصہ ہے۔

**مخصوص حالات**
یہ رویہ آپ کے بچے کی معذوری کے اظہار کا حصہ ہو یا نہ ہو، سکول کا عملہ بچے کو IEAS سے خارج کر دے (جو بچے کی ARD کمیٹی نے طے کیا ہے) جو 45 دنوں سے زیادہ کے لئے نہیں ہونا چاہیئے اگر بچہ:

- ایک ہتھیار لے کر(اس کی تعریف نیچے دیکھیں) سکول آئے، یا کو ئی ہتھیار سکول پر رکھے ، سکول کی عمارت میں، یا TEA کے قانونی دائرہ اختیار میں سکول کی کسی تقریب میں یا ایک سکول میں:
- جانتے بوجھتے غیر قانونی منشیات کا استعال کرنا یا اپنے پاس رکھنا ( اس کی تعریف نیچے دیکھیں) سکول میں رہتے ہوئے، یا سکول کی عمارت میں یا TEA کے قانونی دائرہ اختیار میں سکول کی کسی تقریب میں یا :
- سکول میں موجودگی کے دوران کسی دوسرے شخص کو جسمانی طور پر شدید چوٹ پہنچائی ہو (اس کی تعریف نیچے دیکھیں) ، سکول کی عمارت میں یا TEA کے قانونی دائرہ اختیار میں سکول کی کسی تقریب میں یا سکول،

**تعریفیں**

**کنٹرولڈ مواد** کا مطلب ہے ایک منشیات یا ایسا مواد جو کنٹرولڈ مواد کے ایکٹ( 21 U.S.C .812 (c) ) کے شیڈول I, II, III, IV, or V in Section 202(c)کے تحت شناخت ہوتی ہے۔

**غیر قانونی منشیات** سے مُراد ایک کنٹرولڈ مواد، جس میں ایسا کنٹرولڈ مواد شامل نہیں ہے جو قانونی طور پر پاس رکھا جائے، یا کسی لائسنس یافتہ ماہرِ صحت کے نگرانی میں رکھا جا ئے، یا قانونی طور پر اپنے پاس رکھا جائے یا کسی اختیاریا قانون کے تحت استعمال کیا جائے، یا وفاقی قانون کے مطابق عارضی طور پر ہو۔

**شدید جسمانی چوٹ** مطلب یہ ہے کہ امریکہ کے قانون کے پیراگراف (3) کے ذیلی سیکشن (h) کے سیکشن 1365 کے عنوان 18 کے مطابق۔

**ہتھیار** خطرناک ہتھیار کا نام امریکہ کا قانون کے پیراگراف (2) کے ذیلی سیکشن (g) کے سیکشن 930 کے ٹائٹل کے مطابق۔

**اعلانات**
جس دن خارج کرنے کا فیصلہ کیاگیا وہ آپ کے بچے کی جگہ کہ تبدیلی بھی ہے۔ جس کی وجہ بچے کا سکول کے ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کرنا ہے۔ سکول ڈسٹرکٹ آپ کو اس کی ضرور اطلاع دینی ہو گی۔اور دستور عمل کے تحفظ کا نوٹس بھی دینا ہو گا۔

## نظم وضبط کی وجہ سے جگہ کی تبدیلی

آپ کے معذور بچےکا موجودہ تعلیمی جگہ سے اخراج جگہ کی تبدیلی ہے اگر:

- اگر اخراج سکول کے لگاتار 10 دنوں کے لئے ہے، یا
- آپ کا بچہ تسلسل سے اخراج کی وجہ بنا ہو یہ ایک طریقہٗ کار کا تعین کرتا ہےکیونکہ:
  - ایک تعلیمی سال کےدوران لگا تار 10 دنوں کے لئے اخراج؛
  - آپ کے بچے کا رویہ حقیقت میں ویسا ہی ہے جس طرح آپ کے بچے کا رویہ پچھلے واقعات کے دوران تھا، جو لگاتار اخراج کی وجہ بنا اور؛
  - دوسرے اضافی عناصر جیسا کہ ہر اخراج کا دورانیہ، کُل وقت جس میں آپ کا بچہ خارج رہا ہے اور اخراج ایک دوسرے قریب ہیں۔

  ایک اخراج کا طریقہ کار جگہ کی تبدیلی کا تعین کرتا ہے جو سکول معاملہ در معاملہ طے کرتا ہے، اگر اس پراٗعتراض کیا جائے تو اُس کو ایک عدالتی کاروائی سے مجوزہ طریقہ کار کے مطابق دوبارہ دیکھا جائے۔

## اپیل

**عام**
آپ مجوزہ طریقہ کار کی سماعت کے لئے درخواست درج کروا سکتے ہیں اگر آپ اس سے متفق نہیں ہیں:

- نظم وضبط میں چھوٹ کے حوالے سے کوئی بھی فیصلہ؛ یا
- وضاحت کا اظہار جو اُوپر بتایا گیا ہے۔

سکول کی طرف سے مجوزہ طریقہ کار کی شکایت کی درخواست مجوزہ طریقہ کار کی سماعت کے لئے درج کرائی جا سکتی ہے۔ اگر اس بات کو سمجھا جائے کہ آپ کے بچے کے لئے اسی جگہ کو برقرار رکھنے سے آپ کے یا کسی بچے کے زخمی ہونے کا بہت گہرا امکان ہے۔

**سماعت کرنے والے آفیسر کے اختیارات**
ایک آفیسر جو مجوزہ طریقہٌ کار دستورِعمل کے سیکشن میں درج ضروریات پر پُورا آترتا ہے تو اُسے مجوزہ طریقہٌ کار کے عمل کی سماعت کر کے ایک فیصلہ دینا ہو گا۔ سماعت کرنے والا آفیسر ہو سکتا ہے کہ:

- آپ کے معذور بچے کو واپس وہاں بھیج دے جہاں سے اُسے خارج کیا گیا اگر سماعت کرنے والا آفیسریہ طے کر لے کہ سکول کے عملے کے عنوان میں درج ضروریات خلاف ورزی کی گئی ہے اور یہ کہ آپ کے بچے کا رویہ بچے کی معذوری کے اظہار کی بدولت تھا؛ یا
- آپ کے معذور بچے کی جگہ ایک مناسب IAES میں، 45 دنوں سے زیادہ کے لئے نہ ہو تبدیلی کے احکامات جاری کر سکتا ہےکہ اگر آپ کے بچے کو موجودہ جگہ میں رکھا گیا تو اس بات کا بہت گہرا امکان ہے کہ اس کا نتیجہ آپ کے یا کسی اور بچے کے زخمی ہونے کی صورت میں نکل سکتا ہے۔

اس سماعت کے عمل کو دہرایا جا سکتا ہے، اگر سکول کے خیال میں آپ کے بچے کو ابتدائی جگہ پر واپس بھیجنے سے اس بات کا بہت گہرا امکان ہے کہ اس کا نتیجہ آپ کے یا کسی اور بچے کے زخمی ہونے کی صورت میں نکل سکتا ہے۔

جب کبھی آپ کی یا سکول کی طرف سے مجوزہ عمل کی شکایت کی درخواست درج کروائی گئ، تو اُس سماعت کا نیچے درج کئے گئے مجوزہ عمل کے طریقہ کار کے سیکشن میں درج ضروریات کے مطابق ہونا چاہیئے، نیچے درج کئے گئے کے علاوہ:

- سکول یا TEA مجوزہ عمل کی سماعت کا جلد انتظام کرنا چاہیئے جو سماعت کی درخواست دینے کے 20 دنوں کے اندر ہونی چاہیئےاور اس سماعت کا نتیجہ سکول کے 10 دنوں کے اندر آنا چاہیئے۔
- جب تک کہ آپ اور سکول تحریری طورپراس بات پر متفق نہ ہو جائیں کہ میٹنگ سے دستبرداری، یا ثالثی کے استعمال پر رضامندی، ایک مصالحتی میٹنگ جو مجوزہ عمل کی شکایت کےنوٹس وصول ہونے کے 7 دنوں کے اندر ہونا چاہیئے۔ سماعت اُس وقت تک جاری رہ سکتی ہے جب تک دونوں فریقین کے اطمینان کے لئے مجوزہ عمل کی شکایت کی وصولی کے 15 دنوں کے اندر کوئی حل نکل آئے۔
- مجوزہ عمل کی جلد سماعت کے لئےایک ریاست کام کرنے کے مختلف قوانین اختیار کر سکتی ہے لیکن وقت کی پابندی کے علاوہ، وہ قوانین مجوزہ عمل کی سماعت کی دستاویز میں درج قوانین سے مطابقت رکھتے ہوں۔

آپ یا سکول جلد سماعت کے فیصلے پر اُسی طریقے سے اپیل کر سکتا ہے جس طرح دوسری مجوزہ عمل کی سماعت کے فیصلوں پر کی جاتی ہے، جیسا کہ نیچے سول ایکشنز کے بیان میں درج کیا گیا ہے۔

**اپیل کے دوران تعیناتی**

جیسا کہ اُوپر بیان کیا گیا ہے کہ جب آپ یا سکول کی طرف سے نظم وضبط سے متعلق مجوزہ عمل کی شکایت درج کروائی جا ئے( جب تک کے آپ یا TAE یا سکول بصورتِ دیگر رضامند ہو) سماعت کرنے والے آفیسر کی طرف سے فیصلے کے التواء کے دوران آپ کے بچے کو IAES میں رہنا ہو گا، یا جب تک اخراج کی آخری تاریخ نہ گزر جا ئے جیسا کہ سکول کے عملے کا اختیار کے عنوان میں درج کیاگیا ہے، اس میں جو بھی پہلے واقع ہو جا ئے۔

## ایسے بچوں کے لئے حفاظت جو ابھی خصوصی تعلیم اور متعلقہ سہولتوں کے اَہل نہیں ہیں۔

**عام باتیں**
اگر آپ کے بچہ کا اہلیت کا خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات کی اہلیت کے لئے تعین نہیں کیا گیا اوروہ طالب علم کے ضابطہٌ اخلاق کی خلاف ورزی کرتا ہے اور سکول کو اس کا علم تھا ( جیسا کہ نیچے بیان کیا گیا ہے ) جس رویے کی وجہ سے نظم و ضبط کا ایکشن لیا گیا ہے کہ آپ کا بچہ معذور ہے، تب آپ کا بچہ اس نوٹس میں تجویز کردہ تحفظ کا دعویٰ کر سکتا ہے۔

**نظم وضبط کے بنیادی معاملات کا علم**
ایک سکول یہ جاننے کے بارے میں سوچے گا کہ آپ کا بچہ ایک معذور بچہ ہے اگر، جس کے رویے کی وجہ سے نظم و ضبط کا ایکشن لیا گیا ہے:

- آپ نےایک مناسب تعلیمی ایجنسی کے سُپروائزر یا ایڈمنسٹریشن کے عملے کو یا بچے کے اُستاد کو تحریری طور پر تشویش ظاہر کی ہے، کہ آپ کا بچے کو خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات کی ضرورت ہے؛
- آپ نے IDEA کے پارٹ B کے تحت اپنے بچے کی خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات کی اہلیت کی جانچ کے لئے درخواست دی ہے۔ یا؛
- آپ کے بچے کے اُستاد یا سکول کے کسی دُوسرے فرد نےسکول کے ڈائریکٹرکو یا سکول کے کسی دوسرے

سپروائزری عملے نےآپ کے بچے کے رویے کے طریقہ کار کےبارے میں خاص تشویش کا اظہار کیا ہے۔

**استثنا۔** ایک سکول نے اس طرح یہ نہیں جانا کہ اگر؛

- آپ نے اپنے بچے کی جانچ کی اجازت نہیں دی یا خصوصی تعلیم کی خدمات سے انکار کیا ہے؛ یا
- آپ کے بچے کی جانچ کی گئی اور IDEA پارٹ B کے تحت یہ اخذ کیا گیا ہے کہ آپ کا بچہ معذور نہیں ہے۔

**لاعلمی کی بنیاد پر شرائط کا اطلاق**

اگر آپ کے بچے خلاف نظم وضبط کے تدابیر لینے سے پہلے سکول کو اس بات کا علم نہیں ہے کہ آپ کا بچہ معذور ہے جیسا کہ اُوپر علم کی بنیاد اور نظم وضبط کے معاملات اور استثنا میں بیان کیا گیا ہے۔ آپ کے بچے کو نظم وضبط کے اندازے کا موضوع بنایا گیا ہے جن کا اطلاق ہم پلہ رویوں پر ہوتا ہے جو بچے معذور نہیں ہیں۔ تاہم اگرآپ کےبچے کی جانچ کے لئے درخواست اُس وقت کے دوران دی جا ئے جب آپ کے بچے کو نظم و ضبط کی جانچ کا سامنا ہے تو جانچ تیزی سے ہونی چا ہیئے۔ جب تک جانچ مکمل ہوتی ہے تب تک آپ کا بچہ سکول حکام کی طرف سے طے کی گئی تعلیمی جگہ پر رہے گا۔ جس میں بغیر تعلیمی خدمات کے شمولیت یا معطلی بھی شامل کی جاسکتی ہے۔ اگر آپ کے بچے کے بارے میں یہ طے کر لیا گیا ہے کہ وہ معذور ہے تو سکول کی جانب سے جانچ کی معلومات کو اور آپ کی طرف سے فراہم کی گئی معلومات کو سامنے رکھتے ہوئے سکول کی طرف سے IDEA پارٹ B کے مطابق خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات دینی ہوں گی اس میں اُوپر بیان کی گئی نظم و ضبط کی ضروریات شامل ہیں۔

**قانون نافذ کرنے والوں اور عدالتی حکام کے ایکشن کا حوالہ**

IDEA پارٹ B میں یہ نہیں ہے:

- کسی ایجنسی کو معذور بچے کی جانب سے کسی جُرم کے ارتکاب کی رپورٹ متعلقہ حکام کوکرنے سے روکا جا ئے.
- ٹیکس کے قانونی حکام اور عدالتی حکام کو ایک معذور بچے کے جُرم پر وفاقی اور ریاستی حکام کو اُن کی ذمہ داریوں کی ادائیگی سے روکا جا ئے۔

**ریکارڈ کی ترسیل**

اگر سکول ایک معذور بچے کی رپورٹ دیتا ہے، تو سکول:

- اس بات کو ضروریقینی بنائے کہ بچے کی خصوصی تعلیم اور نظم وضبط کے ریکارڈز کی نقول اُن حکام کو پہنچائی جن کو یہ ایجنسی جُرم کی رپورٹ دیتی ہے؛
- بچے کی خصوصی تعلیم اور نظم وضبط کے ریکارڈز کی نقول اُس حد تک ہی دینی چاہیئے جس کی ِفیملی تعلیمی حقوق اور پرائیویسی ایکٹ (**FERPA**) میں دی گئی ہے۔

**معلومات کی رازداری**

جیسا کہ اس سیکشن میں استعمال کی گئی:

**تباہی** کا مطلب جسمانی تباہی یا ذاتی شناخت کا معلومات سے اخراج جس کے بعد معلومات کی زیادہ دیر تک ذاتی شناخت نہ رہے۔

**تعلیمی ریکارڈز** کا مطلب جو تعلیمی ریکارڈ کی تعریف کے تحت آتے ہیں جسے 34 CFR پارٹ 99 (خاندانی تعلیمی حقوق اور نجی قانون (*FERPA*) کے نفاذ کے ضوابط 20 ,1974 (U.S.C. 1232g

**شرکت کرنے والی ایجنسی** کا مطلب ہے کوئی سکول ڈسٹرکٹ، ایجنسی یا ادارہ جو ذاتی معلومات جمع کرتا، محفوظ کرتا ہے یا ذاتی شناخت کی معلومات استعمال کرتاہے IDEA پارٹ B کے تحت جہاں سے یہ معلومات حاصل کی گئی ہیں۔

**ذاتی شناخت کی معلومات** میں شامل ہے: آپ کے بچے کا نام، والدین کے طور پر آپ کا نام، یا خاندان کے کسی دوسرے فرد کا نام؛ آپ کے بچے کا ایڈریس؛ ایک ذاتی شناخت جیسا کہ سوشل سیکورٹی نمبر؛ یا ذاتی خصوصیات کی ایک فہرست یا دوسری معلومات جن سے آپ کے بچے مناسب یقین کے ساتھ پہچان ممکن ہو سکے۔

آپ کو اپنے بچے کے تمام تعلیمی ریکارڈ دیکھنے کا حق ہے جس میں وہ حصے جن کا تعلق خصوصی تعلیم سے ہے۔ سکول یہ بھی فرض کر سکتا ہے کہ آپ کے پاس یہ اختیار ہے کہ آپ اپنے بچے سے متعلق ریکارڈز کا معائنہ کر سکتے ہیں اور دیکھ سکتے ہیں جب تک یہ نہ کہا جائے کہ قابل عمل ریاستی قانون جو اس کی نگرانی کرتا ہے جیسا کہ سرپرستی کے معاملات، علیحدگی اور طلاق کی وجہ آپ کے پاس یہ اختیار نہیں ہے۔ آپ کسی اور شخص کو اپنے بچے کا ریکارڈز دیکھنے کی اجازت دے سکتے ہیں۔ جب آپ ریکارڈ رکھنے کے لئے کہیں تو سکول کو بغیر کسی تاخیر کے آپ کے بچے کی IEP کی میٹنگ سے پہلے، مجوزہ عمل کی سماعت سے پہلے یا کسی مصا لحتی سیشن اور 45 دنوں کے اندر جب اس کی درخواست کی گئی ہو، یہ فراہم کرنا ہو گا۔

**وضاحت، نقول اور معاوضہ**

اگر آپ کہیں تو سکول کو وجوہات کے ساتھ ریکارڈز کے تشریح اور وضاحت کرنا ہو گی۔ اگر ریکارڈز کے معائنے اور دیکھنے کے لئے ایک ہی طریقہ ہو تو سکول اس کی نقول تیار کر کے دے گا۔ سکول آپ کے بچے کے تعلیمی ریکارڈ کے حصول یا تلاش کے لئے کوئی معاوضہ نہیں لے سکے گا۔ اگر آپ معاوضے کی وجہ ان ریکارڈ کا معا ئنہ یا دیکھ نہ سکیں تو ان کہ نقول کی تیاری کے لئے آپ کو معاوضہ دینا ہوگا۔

**ایک سے زیا دہ بچے کی معلومات**

اگر کسی تعلیمی ریکارڈ میں ایک سے زیادہ بچوں کی معلومات ہیں، تو آپ کا یہ حق ہے کہ صرف اپنے بچے سے متعلق معلومات کو دیکھ اور معائنہ کر سکتے ہیں یا مخصوص معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

آپ کا یہ حق ہےکہ آپ ایک ایسی فہرست کے لئے درخواست دیں جس میں تعلیمی ریکارڈز کی اقسام، محلِ وقوع جہاں سے یہ سکول نے اکٹھے کئے، محفوظ کئے اور استعمال کئے۔

**ذاتی پہچان کی معلومات کی تشہیر کی رضامندی**

جب تک معلومات تعلیمی ریکارڈ میں موجود ہیں اور FERPA کے تحت والدین کی مرضی کے بغیرتشہیر کا اختیار دیا جائے تو

شریکِ کار ایجنسیز اور دوسرے سرکاری ملازمین کے علاوہ ذاتی شناخت کی معلومات کسی دوسرے فریقین کو آپ کے رضا مندی سے پہلے نہیں دیں جا سکتیں۔ IDEA پارٹ B کے تحت میٹنگ کے مقصد کے لیے یہ ضروری ہے کہ شراکت کار ایجنسیز کے اہلکاروں کو ذاتی شناخت کی معلومات آپ کی رضا مندی حاصل کئے بغیردی جاسکتی ہیں۔

شراکت کار ایجنسیز کے اہلکاروں کو ذاتی شناخت کی معلومات دینے یا منتقلی کی خدمات کی ادائیگی کرنے سے پہلے انہیں آپ کی، یا ریاستی قانون کے تحت جو اہل بچہ جو پختہ کار ہو چُکا ہے، کی رضامندی حاصل کرنا ہوگی۔

اگر آپ کے بچے کا کسی نجی سکول میں داخلہ ہو چُکا ہے، یا داخلہ ہونے لگا ہے جو آپ کے رہائشی سکول ڈسٹرکٹ میں واقع نہیں ہے توآپ کے بچے سے متعلق ذاتی شناخت کی معلومات سکول ڈسٹرکٹ کے اہلکاروں اور یہ نجی سکول جہاں آپ کی رہائش واقع ہے، کے اہلکاروں کو دینے سے پہلے آپ کی رضامندی حاصل کرنا ضروری ہے۔

سکول کو ہر ایک کی سرگرمیوں کا ریکارڈ رکھنا چاہیئے۔ سوائے آپ اور سکول کے با اختیار ملازمین کے جو آپ کے بچے کی خصوصی تعلیم کا ریکارڈ دیکھتے ہیں جب تک آپ تشہیر کے لئے اپنی رضامندی ظاہر نہ کردیں۔ اس ریکارڈ میں اس شخص کا نام، رسائی دینے کی تاریخ، اور اس رسا ئی دینے کا مقصد جس کے لئے اس شخص کو ریکارڈ استعمال کرنے کا اختیار دیا گیا۔

سکول کے کسی ملازم کو ذاتی شناخت کی معلومات کی رازداری کو یقینی بنانے کے لئے ذمہ داری لینی چاہیئے۔ رازداری کے لئے IDEA اور FERPA کے تحت تمام وہ لوگ جو ذاتی شناخت کی معلومات جمع کرتے اور استعمال کرتے ہیں اُن کی رازداری سے متعلق ریاست کی حکمتِ عملی اور طریقہؑ کار کےمطابق تربیت یا ہدایات لینا ہوں گی۔ ہر سکول کو اُن افراد کے ناموں اور عہدے کی ایک موجودہ فہرست سکول میں رکھنا ہو گی جن کی رسائی ذاتی شناخت کی معلومات تک ہوسکتی ہے۔

**ریکارڈز میں ترمیم**

اگر آپ کا خیال ہے کہ آپ کے بچے/ بچی کے تعلیمی ریکارڈز غلط ، گمراہ کن یا آپ کے بچے/ بچی کے حقوق کی خلاف ورزی کرتے ہیں تو آپ ان معلومات میں ترمیم کرنے کے لئے اسکول سے درخواست کر سکتے ہیں۔ اسکول کو ایک معقول وقت میں اس بات کا فیصلہ کرنا ہوگا کہ آیا ان معلومات میں ترمیم کی جائے یا نہیں۔ اگر اسکول دی گئی درخواست کے مطابق معلومات میں ترمیم کرنے سے انکار کرے تو اسے چاہیے کہ وہ آپ کو اپنے انکارسے آگاہ اور ریکارڈ میں موجود معلومات کو چیلنج کرنے کے آپ کے حق سے مطلع کرے۔ اس قسم کی سماعت ایف ای آر پی اے(FERPA) کے تحت ایک مقامی سماعت ہے اور یہ آئیڈیا (IDEA) والی باضابطہ سماعت نہیں ہے جو ایک غیر جانبدار افسر سماعت کے سامنے کی جاتی ہے۔

اگر سماعت کے نتیجہ میں، اسکول اس بات کا فیصلہ کرتا ہے کہ معلومات غلط، گمراہ کن یا دوسری صورت میں آپ کے بچے/بچی کی رازداری یا دیگر حقوق کی خلاف ورزی ہے تو اسے یہ معلومات تبدیل کرنا ہوں گی اور آپ کو اس کی اطلاع دینی ہوگی۔ اگر سماعت کے نتیجہ میں، اسکول یہ فیصلہ کرے کہ یہ معلومات غلط، گمراہ کن یا دوسری صورت میں آپ کے بچے/ بچی کی رازداری یا دیگر حقوق کی خلاف ورزی کرنے والی نہیں ہے تو آپ کو اس ریکارڈ یا اعتراض والے حصّہ کو اسکول کے ذریعہ محفوظ رکھے جانے تک آپ کے بچے/ بچی کے ریکارڈ میں موجود معلومات پر اپنے ایک تبصرہ والے بیان کو شامل کے آپ کے حق سے آگاہ کرنا ہوگا۔

اگر آپ اپنے بچے/ بچی کو خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات حاصل کرنے کی اپنی رضامندی اسکول کے ذریعہ ابتدائی طور پر خدمات کی فراہمی کے بعد تحریری طور پر منسوخ کرتے ہیں تو آپ کے اسکول کو آپ کے بچے/ آپ بچی کے ریکارڈز سے آپ کے بچے/ بچی کے ذریعہ خصوصی تعلیمی خدمات کے ماضی میں حصول سے متعلق کسی حوالہ جات کو ہٹانے کے لئے اس میں ترمیم کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ تاہم، اگر آپ کا خیال ہے کہ آپ کے بچے/ بچی کے تعلیمی ریکارڈز غلط ، گمراہ کن یا آپ کے بچے/ بچی کے حقوق کی خلاف ورزی کرتے ہیں آپ کو اب بھی اسکول سے اپنے بچے/ بچی کے ریکارڈز میں ترمیم کرنے کی درخواست کا حق حاصل ہے۔

**تحفظ اور تلفی**

اسکول کو چاہیے کہ وہ اکٹھا کرنے، ذخیرہ، تشہیر اور تلفی کے مراحل میں آپ کے بچے/ آپ کی بچی کے ریکارڈز کی رازداری کا تحفظ کریں۔ *تلفی* کا مطلب معلومات سے ذاتی شناخت کاروں کا طبعی اتلاف یا ہٹایا جانا ہے تا کہ وہ معلومات مزید ذاتی طور پر قابل شناخت نہ رہے۔ اسکول کو چاہیے کہ جب آپ کے بچے/ بچی کو تعلیمی خدمات فراہم کرنے کے لئے آپ کے بچے/ بچی کے تعلیمی ریکارڈز میں موجود معلومات کی مزید ضرورت نہ ہو تو وہ آپ کو اس کی اطلاع دے۔ اس معلومات کو آپ کی درخواست پر تلف کرنا ہوگا، سوائے نام، پتہ، فون نمبر، درجے، حاضری کے ریکارڈ، حاضری والے کلاس، تکمیل شدہ درجہ کی سطح اور تکمیل کا سال۔

**والدین کو نوٹس**

ٹی ای اے (TEA) نوٹس دے گی جو کہ ذاتی طور پر قابل شناخت معلومات کی رازداری کے بارے میں والدین کو مکمل طور پر آگاہ کرنے کے لئے کافی ہوگی: بشمول اس حد کا ایک بیان جس حد تک ریاست میں آباد مادری زبانوں کی آبادی کے مختلف گروپوں کو اطلاع دی گئی ہے؛ ان بچوں کی ایک صراحت جن کے بارے میں ذاتی طور پر قابل شناخت معلومات محفوظ رکھی گئی ہے، پوچھی گئی معلومات کی اقسام، معلومات کو جمع کرنے میں استعمال کردہ طریقہ کار، بشمول وہ ذرائع جہاں سے معلومات حاصل کی گئی ہیں اور معلومات کے کئے جانے والے استعمالات، ان حکمتِ عملی اور طریقہ کار کا ایک خلاصہ جن پر شرکت کرنے والی ایجنسیز کو عمل کرنا ہوگا، ذاتی طور پر قابل شناخت معلومات سے متعلق ذخیرہ، تیسرے فریقوں کے سامنے افشاء، روکے رکھنا اور اتلاف؛ اور ایف ای آر پی اے (FERPA) اور سی ایف آر (CFR) 34 حصّہ 99 میں مذکور اس کے نفاذ سے متعلق ضوابط والدین اور بچوں کے جملہ حقوق کی ایک بیان۔

## والدین کے ذریعہ رضاکارانہ نجی اسکولوں میں جگہوں کا تعین

جب آپ اپنے بچے/ بچی کو رضاکارانہ طور پر ایک نجی اسکول میں داخل کرتے ہیں تو آپ کو مخصوص حقوق حاصل ہوں گے۔ آئیڈیا (IDEA) سرکاری اسکولوں سے اس بات کا تقاضہ نہیں کرتا کہ وہ سرکاری اسکول کے ذریعہ آپ کے بچے/ آپ کی بچی کے لئے ایف اے پی ای (FAPE) دستیاب کئے جانے کی صورت میں آپ کسی پرائیویٹ اسکول یا عمارت میں اپنے بچوں کو بٹھانے کا انتخاب کریں تو آپ کے بچے/ آپ کی بچی کے تعلیمی اخراجات بشمول خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات کے لئے ادائیگی کرے۔ تاہم، اس سرکاری اسکول کو جہاں پر نجی اسکول واقع ہے، آپ کے بچے/ آپ کی بچی کو اس آبادی میں شامل کرنا ضروری ہوگا، جن کی ضروریات پر آئیڈیا (IDEA) کی ان بچوں سے متعلق دفعات کے تحت توجہ دی جاتی ہے، جنہیں ان کے والدین نے نجی اسکول میں داخل کیا ہو۔

### والدین کی طرف سے یک طرفہ طور پر بچوں کو سرکاری خرچ پرنجی سکول میں داخلے کی شرائط

جب آپ اپنے بچے/ بچی کا داخلہ کسی نجی اسکول میں کرواتے ہیں تو آپ کے کچھ مخصوص حقوق ہوں گے، کیونکہ آپ سرکاری اسکول میں اپنے بچے/ بچی کے لئے ایک مناسب پروگرام کی دستیابی کی وجہ سے غیر متفق ہیں۔

اگر آپ کے بچے/ بچی نے ایک سرکاری اسکول کے زیر اختیار خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات حاصل کی ہے اور آپ اپنے بچے/بچی کو سرکاری اسکول کی رضامندی یا سفارش کے بغیر ایک نجی پری اسکول، ابتدائی اسکول یا ثانوی اسکول میں داخلہ دلانا منتخب کرتے ہیں تو کوئی عدالت یا افسر سماعت اس بات کا پتہ لگائے کہ سرکاری اسکول نے اس داخلہ سے پہلے آپ کے بچے/ آپ کی بچی کے لئے ایف اے پی ای (FAPE) کو ایک بروقت طریقہ پر دستیاب نہیں کیا تھا اور یہ کہ نجی اسکول میں بٹھانا مناسب ہے، تو عدالت یا افسر سماعت سرکاری اسکول سے اس بات کا تقاضہ کر سکتا ہے کہ وہ آپ کو داخلہ کے اخراجات کی واپس ادائیگی کرے۔ عدالت یا افسر سماعت اس صورت میں بھی آپ کے تعین کو مناسب تصور کرے گا جب پلیسمنٹ کا اطلاق ٹی ای اے (TEA) اور اسکولوں کے ذریعہ فراہم کی جانے والی تعلیم کے ریاستی معیار کے مطابق نہ ہو۔

### دوبارہ ادائیگی پر پابندیاں

اوپر والے پیراگرف میں مذکورہ باز ادائیگی میں کمی کی جا سکتی ہے یا اس سے انکارکیا جا سکتا ہے، اگر: آپ کے بچے/ آپ کی بچی کو سرکاری اسکول سے ہٹائے جانے سے پہلے آپ کے ذریعہ شرکت کردہ حالیہ ترین اے آر ڈی (ARD) کمیٹی میٹنگ میں آپ نے اے آر ڈی (ARD) کمیٹی کو اس بات سے مطلع نہیں کیا تھا کہ آپ اپنے بچے/اپنی بچی کو ایف اے پی ای (FAPE) فراہم کرنے کے لئے سرکاری اسکول کے ذریعہ تجویز کردہ پلیسمنٹ کو رد کرتے ہیں، بشمول اس میں آپ نے اپنی تشویشات کا اظہار کیا ہو اور اپنے بچے کو ایک نجی اسکول میں داخل کرنے کے اپنے ارادہ کا اظہار کیا ہو؛ یا کم از کم 10 کاروباری دنوں، بشمول کسی بھی تعطیلات کے جو ایک کاروباری دن میں واقع ہوئی ہو، اپنے بچے/ اپنی بچی کو سرکاری اسکول سے ہٹانے سے پہلے، آپ نے سرکاری اسکول کو تحریری اطلاع نہیں دی تھی، یا سرکاری اسکول نے آپ کے بچے/ آپ کی بچی کو سرکاری اسکول سے ہٹائے جانے سے پہلے آپ کو ایک تحریری اطلاع ی تھی، جس میں اس نے آپ کے بچے کی تشخیص کرنے کا اپنا ارادہ ظاہر کیا ہو، جس میں آپ کے بچے/ آپ کی بچی کی تشخیص کا مقصد کا ایک معقول اور مناسب بیان شامل ہو، لیکن آپ نے اپنے بچے/ اپنی بچی کو تشخیص کے لئے دستیاب نہیں کیا تھا؛ یا عدالت کو اس بات کا پتہ چلے کہ آپ کی کارروائی معقول نہیں تھی۔

تاہم،اطلاع دینے میں ناکامی کی وجہ سے باز ادائیگی کی لاگت میں کمی یا اس سے انکار بالکل نہیں کیا جا سکتا، اگر: سرکاری اسکول آپ کو اطلاع دینے سے روکے؛ آپ کو مذکورہ بالا اطلاع دینے کی آپ کی ذمہ داری کی اطلاع موصول نہیں ہوئی تھی؛ یا درج بالا ضروریات کی مطابقت کے نتیجہ میں آپ کے بچے/ آپ کی بچی کو جسمانی طور پر نقصان پہنچنے کے امکانات ہوں۔ ضروری اطلاع دینے میں ناکامی کی صورت میں، عدالت یا افسر سماعت کی صوابدید پر باز ادائیگی کی لاگت میں کمی یا اس سے انکارنہیں کیا جا سکتا، بشرطیکہ آپ پڑھے لکھے نہیں ہیں یا آپ انگریزی لکھ نہیں سکتے یا مذکورہ بالا شرائط کی تکمیل کے نتیجہ میں آپ کے بچے/ آپ کی بچی کو شدید جذباتی نقصان کا خطرہ ہو۔

## والدین کے حقوق کی منتقلی

بچے/ بچی کے بلوغ کی عمر کو پہنچنے پر آئیڈیا (IDEA) کے تحت والدین کے جملہ حقوق بچے/ بچی کو منتقل ہو جائیں گے۔ ٹیکساس قانون کے تحت بلوغت کی عمر 18 سال ہے۔ اکثر بچوں کے لئے، اس دستاویز میں بیان کردہ والدین کے تمام حقوق 18 سال کی عمر میں بچے/ بچی کو منتقل ہو جائیں گے۔ جب والدین کے حقوق آپ کے بالغ طالب علم کو منتقل ہو جائیں تو اسے اپنے تعلیمی فیصلے کرنے کے حقوق حاصل ہوں گے، تاہم سرکاری اسکولوں کو اب بھی آپ کو اے آر ڈی (ARD) کمیٹی کی میٹنگوں کی اطلاعات اور پیشگی تحریری اطلاعات دینی ہوگی۔ تاہم، آپ اس وقت تک میٹنگوں میں شرکت نہیں کر سکتے جب تک کہ آپ کو بالغ طالب علم یا اسکول کے ذریعہ خصوصی طور پر مدعو نہ کیا گیا ہو یا آپ کے بالغ طالب علم نے آپ کو معاونت یافتہ فیصلہ سازی کے معاہدہ میں اس بات کا حق دیا ہو۔

### ایک بالغ طالبعلم کے لئےعدالت کا متعین کردہ سرپرست

اگر عدالت نے آپ کو یا کسی دوسرے شخص کو بالغ طالب علم کے قانونی سرپرست کے طور پر مقرر کیا ہے تو آئیڈیا (IDEA) کے تحت حقوق بالغ طالب علم کو منتقل نہیں ہوں گے۔ قانونی طور پر مقرر کردہ سرپرست کو حقوق حاصل ہوں گے۔

## مقید بالغ طالبعلم

اگر بالغ طالب علم مقید ہو تو 18 سال کی عمر میں تمام آئیڈیا (IDEA) حقوق بالغ طالب علم کو منتقل ہو جائیں گے۔ آپ کو خصوصی تعلیم سے متعلق پیشگی تحریری نوٹسز وصول کرنے کا حق حاصل نہیں ہوگا۔

## 18 سال کی عمر سے قبل بالغ طالبعلم

ٹیکساس فیملی کوڈ کے باب 31 میں چند مخصوص شرائط بیان کی گئی ہیں، جس کے نتیجہ میں بچہ/ بچی 18 سال کی عمر سے پہلے بالغ ہوتے ہیں۔ اگر اس باب کے تحت آپ کے بچہ/بچی کے بالغ ہونے کا تعین کیا جاتا ہے تو اس وقت آئیڈیا (IDEA) کے تحت آپ کے حقوق آپ کے بچے/ بچی کو منتقل ہو جائیں گے۔

## سرپرستی کے متبادل

سرکاری اسکول کو چاہیے کہ وہ ایک درست مختار نامے یا ایک درست فیصلہ سازی کے معاہدے کو قبول کریں، جس کی آپ کے بالغ طالب علم نےتکمیل کی تھی۔

## مطلوبہ اعلانات اور معلومات

سرکاری اسکول کو چاہیے کہ وہ آپ کے بچے / بچی کی 17ویں سالگرہ پر یا اس سے پہلے والدین کے حقوق کی منتقلی کی وضاحت والی تحریری اطلاعات دیں اور اس میں سرپرستی سے متعلق معلومات اور سرپرستی کے متبادل، بشمول معاونت یافتہ فیصلہ سازی کے معاہدوں، اور دیگرمعاون اورخدمات سے متعلق معلومات آپ کو اور آپ کے بچے/ بچی کو فراہم کریں جو آپ کے بچے/ بچی کو آزادانہ طور پر رہنے میں مدد کر سکتی ہیں۔ آپ کے بچے/ بچی کے آئی ای پی (IEP) میں اس بات کا بیان ہونا چاہیے کہ سرکاری اسکول نے یہ معلومات فراہم کی ہیں۔

آپ کے بچے/ بچی کے 18 سال کی عمر کو پہنچنے پر، سرکاری اسکول کو چاہیے کہ وہ آپ کو اور آپ کے بچے/ بچی کو اس بات کی تحریری اطلاع دے کہ والدین کے حقوق بالغ طالبعلم کو منتقل ہو گئے ہیں۔ اس تحریری اطلاع میں سرپرستی اور سرپرستی کے متبادل بشمول معاون فیصلہ سازی کے معاہدوں اور دیگر مدد گاراورخدمات سے متعلق معلومات اور وسائل شامل ہونے چاہئیں جو آپ کے بچے/ بچی کو آزادانہ طور پر رہنے میں مدد کر سکتی ہیں۔ اس تحریری اطلاع میں اضافی معلومات جاننے اور استعمال کرنے کے لئے رابطہ کی معلومات بھی شامل ہونی چاہیے۔

## خصوصی تعلیم کے لئے معلومات

اگر آپ کو خصوصی تعلیم سے متعلق معلومات کی ضرورت ہو تو آپ اسپیشل ایجوکیشن انفارمیشن سینٹر کو 1-855-SPEDTEX (1-855-773-3839) پر کال کر سکتے ہیں۔ اگر آپ اس نمبر پر کال کریں اور ایک پیغام چھوڑیں تو معمول کے دفتری اوقات میں کوئی شخص آپ کو واپس کال کرے گا۔ ایسے افراد جو بہرے ہیں یا جنہیں سننے میں دقت پیش آتی ہے وہ 7-1-1 ریلے ٹیکساس استعمال کرتے ہوئے SPEDTEX کےنمبر پر کال کر سکتے ہیں۔

## اختلافات کا حل

بعض اوقات آپ اپنے بچے/ بچی کی خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات سے متعلق اسکول کے ذریعہ کی گئی کارروائیوں سے غیر متفق ہو سکتے ہیں۔ آ پ کو اس بات کی سختی سے ترغیب دی جاتی ہے کہ آپ اختلاف واقع ہونے کی صورت میں اسکول کے عملہ کے ساتھ مل کر فوری طور پر انہیں حل کرنے کی کوشش کریں۔ آپ اسکول کی طرف سے والدین کے لئے پیش کئے جانے والے تنازعہ کے حل کے اختیارات کے بارے میں دریافت کر سکتے ہیں۔ ٹی ای اے (TEA) خصوصی تعلیم کی اختلافات کو حل کرنے کے لئے چار باضابطہ اختیارات کی پیشکش کرتی ہے: ریاستی آئی ای پی (IEP) کی سہولت، ثالثی کی خدمات، خصوصی تعلیم کی شکایت کے حل کی کارروائی اور باضابطہ سماعت کا پروگرام۔

## مجوزہ عمل کی شکایت اور سماعت اور خصوصی تعلیم کی شکایت کے طریقہ ٔ کار میں فرق

وفاقی خصوصی تعلیم کے قواعد میں خصوصی تعلیم کی شکایات اور مجوزہ عمل کی شکایات کی سماعتوں کے لئے الگ الگ طریقہ ٔ کار کر رکھے ہیں۔ جیسا کہ اوپر وضاحت کی گئی ہے کہ کوئی فرد یا ادارہ، اس میں ایک ریاست سے باہر کا بھی شامل ہے، کسی دوسری سرکاری ایجنسی، TEA، کسی سکول کی طرف سے IDEA پارٹ B کے مطالبہ پر کسی خلاف ورزی کے الزام کی شکایت درج کرا سکتے ہیں۔ صرف آپ یا سکول کسی ایسے معاملے جس کا تعلق ایک تجویز یا کسی نامنظوری جومعذور بچے کی شناخت تبدیل کرنے یا شروع کرنے، تعلیمی تعیناتی یا جانچ یا FAPE کی بچے کی طرف سےشرط کے خلاف مجوزہ عمل کی شکایت درج کروا سکتے ہیں۔ TEA کو عام طور پر60 دنوں کے وقت کی مدت کے اندر خصوصی تعلیم کی شکایت کا حل نکالنا چا ہئے جب تک کہ مقررہ مدت مناسب طور پر بڑھائی نہ جائے، مجوزہ عمل کے سماعت کرنے والے ایک غیر جانبدار آفیسر کو (اگر تحلیل کی میٹنگ یا ثالثی کے ذریعے حل تلاش نہ کیا جاسکے) اس کی سماعت کرکے تحلیل کی مدت کے اختتام کے بعد 45 دنوں کے اندر تحریری فیصلہ دینا ہو گا۔ جیسا کہ اس دستاویز میں حل کے طریقہ ٔ کار کے عنوان میں بیان کیا گیا ہے، جب تک کہ آپ یا سکول کی درخواست پر مدت میں ایک خاص توسیع نہ کردے۔

## ریاستی آئی ای پی کی سہولت

قانون کے تقاضہ کے مطابق، ٹی ای اے (TEA) نے تنازعہ میں موجود فریقوں کو اے آر ڈی (ARD) کمیٹی کی میٹنگوں کے سلسلہ میں معاونت فراہم کرنے کے لئے آزاد آئی ای پی (IEP) سہولت کاروں کی فراہمی کے لئےآئی ای پی (IEP) سہولت کار کے منصوبے کا قیام کیا ہے۔ آزاد سہولت کار فراہم کرنے کے لئے ٹی ای اے (TEA) کو درج ذیل شرائط کی مطابقت کرنی ہوگی:

- مطلوب درخواست فارم کو مکمل کرنا ہوگا اوراس پر آپ اور اسکول دونوں کے دستخط ثبت ہونے چاہیے۔ یہ فارم انگریزی اورہسپانوی زبان میں آن لائن یہاں پر دستیاب ہے: Individualized Education Program Facilitation (Link: bit.ly/3spluIV). یہ TEA سے درخواست کر کے

مہیا کیا جا سکتا ہے۔

- اس تنازعہ کا تعلق اے آر ڈی (ARD) کمیٹی میٹنگ سے ہونا ضروری ہے، جس میں آئی ای پی (IEP) کے ایک یا زائد درکار عناصر سے متعلق معاہدہ کی مطابقت نہ ہوئی ہو اور اے آر ڈی (ARD) کمیٹی نے میٹنگ کو معطل کر کے دوبارہ میٹنگ منعقد کرنے سے اتفاق کیا ہو۔
- آپ کو اور اسکول کو اختلاف کی وجہ سے ختم ہونے والی اے آر ڈی (ARD) کمیٹی میٹنگ کے پانچ دنوں کے اندر درکار درخواست فارم فائل کرنا ہوگا، اور ایک سہولت کار کو دوبارہ منعقد ہونے والی میٹنگ کی تاریخ پر دستیاب رہنا ہوگا۔
- اس تنازعہ کو اظہار کے تعین یا آئی اے ای ایس (IAES) کی تعیناتی سے متعلق نہیں ہونا چاہیے۔
- آپ اور اسکول کو ایک ہی وقت پرخصوصی تعلیم کی ثالثی میں شامل نہیں ہونا چاہیے۔
- تنازعہ کے مسائل کو خصوصی تعلیم کی شکایت یا خصوصی تعلیم کی باضابطہ سماعت کو موضوع نہیں ہونا چاہیے۔
- آپ کو اور اسکول کو آئی ای پی (IEP) کی سہولت کے لئے موجودہ درخواست کے ایک ہی تعلیمی سال میں ایک ہی بچے/ بچی سے متعلق آئی ای پی (IEP) کی معاونت شرکت نہ کرنا ضروری ہے۔
- ریاست کے IEP کی سہولت کے پروگرام کے ریاستی قوانین یہاں سے حاصل کئے جا سکتے ہیں 19 TAC §89.1197 (Link: bit.ly/3bCULCL).

## مصا لحت کی خدمات

ثالثی IDEA پارٹ B سے متعلق مسائل کے حل کے لئے دستیاب ہو نی چا ہیئے، جس میں با ضابطہ عمل کی شکایت درج ہونے سے پہلے کے معاملات شامل ہیں۔ اس طرح، IDEA پارٹ B کے تحت مسائل کے حل کے لئے ثالثی دستیاب ہو نی چا ہیئے، چا ہے آپ نے با ضابطہ عمل کی شکایت یا ضابطہ عمل کی سماعت کے لئے درخواست دی ہے یا نہیں جیسا کہ با ضابطہ عمل کے طریقہٗ کار میں بیان کیا گیا ہے۔ ثالثی بچے کی تعلیمی تعیناتی، یا جانچ، یا شناخت یا FAPE کی دستیابی سے متعلق سکول اور آپ کے درمیان جھگڑے تک محدو نہیں ہے۔

ثالثی ایک رضا کارانہ عمل ہے۔ اس طرح، اگر دونوں آپ اور سکول رضاکارانہ طور پر ثالثی میں شریک ہونے پر متفق ہوں، تو TEA اس کے انتظامات کرتی ہے اور ثالثی کے لئے ادائیگی کرتی ہے۔ ثالثی کو با ضابطہ عمل کی سماعت سے انکار یا تاخیر یا IDEA کے تحت دوسرے حقوق کے لئے استعمال نہیں کیا جا سکتا۔

باضابطہ سماعت کی درخواست دئے جانے پر (TEA) خودبخود طور پر ثالثی کی پیشکش کرے گی۔ لیکن آپ اپنے اور اسکول کے درمیان IDEA پارٹ B کے تحت کسی بھی معاملے پر اختلافات کی صورت میں ثالثی کی خدمات کے لئے کہہ سکتے ہیں۔

ثالث (TEA) یا اسکول ڈسٹرکٹ کے ملازمین نہیں ہیں، جو بچے کی تعلیم یا دیکھ کے ساتھ منسلک ہے جو ثالثی کے عمل کا موضوع ہے۔ اور ان کا کوئی ایسا ذاتی یا پیشہ ورانہ مفاد نہیں ہے جو ان ہدف کے ساتھ متصادم ہو۔ ایک شخص جو بصورتِ دیگر ایک ثالث کے طور پر اہلیت رکھتا ہے وہ سکول ڈسٹرکٹ یا صرف TAE کا ملازم نہیں ہوتا کیونکہ اُسے TEAکی جانب سے ثالثی کرنے پر ادائیگی کی جاتی ہے۔ ثالث تنازعات کو حل کرنے میں مستند اور تربیت یافتہ پیشہ ور افراد ہیں اور انہیں خصوصی تعلیم کے قوانین کی معلومات ہوتی ہیں۔ ثالث کا کردار بامقصد ہونا ہے اورثالثی میں کسی بھی ایک فریق کی جانبداری نہ کرنا ہے۔ ثالثی کا مقصد آپ کو اور اسکول دونوں کو مطمئن کرنے والے ایک متفق حل کے حصول میں مدد کرنا ہے۔

ثالثوں کی ایک تازہ فہرست یہاں سے حاصل کی جا سکتی ہے: Office of General Counsel, Special Mediation Program (Link: bit.ly/39yQTjK).

اگر آپ اور اسکول ثالثی پر راضی ہوں تو آپ ایک مخصوص ثالث کو استعمال کرنے پر راضی ہو سکتے ہیں یا بلاترتیب طور پر کوئی ثالث تفویض کیا جائے گا۔ کسی بھی معاملہ میں، ثالث آپ اور اسکول کے لئے سہولت بخش مقام اور وقت پر ثالثی کے سیشن کے منصوبے کے لئے، فوری طور پر آپ سے رابطہ کرے گا۔ ثالثی کے دوران ہونے والی بات چیت رازدارانہ ہے اور اسے مستقبل کی باضابطہ سماعت یا عدالتی چارہ جوئی کے لئے استعمال نہیں کیا جا سکتا یا کسی ریاست کی ریاستی عدالت کی سول کاروائی کے لئے IDEA پارٹ B کے تحت ملنے والی مدد کے طور پر استعمال نہیں کیا جاسکتا۔

اگر آپ اور اسکول کے مابین مصالحتی عمل کے ذریعے مسئلہ حل ہو جاتا ہے تو دونوں فریقین لازماً قانونی معاہدے کے پابند ہوں گے۔ اِس معاہدے میں یہ لکھا ہونا چاہیئے کہ ثالثی کی عمل کے دوران جو بحث ہوئی ہے وہ خفیہ رکھی جا ئے اور اِسے باضابطہ عمل کی کسی اگلی سماعت یا دیوانی کاروائی میں استعمال نہیں کی جاسکتی۔ اس معاہدے پر سکول ڈسٹرکٹ کے نمائندے جسے یہ اختیار ہے کہ وہ سکول ڈسٹرکٹ کو اکٹھا رکھے، اور آپ کے دستخط ہونے چاہیئں۔ یہ دستخط شُدہ تحریری ثالثی کا معاہدہ ایک قانوی معاہدہ ہے اور کسی بھی عدالت جس کے پاس ریاست کے قانوں کے تحت اس قسم کے کیس سُننے کا اختیار ہے یا ایک وفاقی عدالت میں قابلِ نفاذ ہے۔

آپ ثالثی کی کاروائی کے حوالے TEA کی ویب سائٹ سے مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ Office of General Counsel, Special Mediation Program (Link: bit.ly/39yQTjK).

خصوصی تعلیم کی ثالثی کی کاروائی سے متعلق ریاست کے قانون کو یہاں سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔ 19 TAC §89.1193 (Link: bit.ly/35Dyrp2).

## خصوصی تعلیم سے متعلق شکایت کے حل کی کاروائی

خصوصی تعلیم کے تنازعات کے حل کے لئے دوسرا اختیار ٹی ای اے (TEA) کا خصوصی تعلیم سے متعلق شکایت کے حل کا طریق کار ہے۔ اس دستاویز میں خصوصی تعلیم سے متعلق شکایت کا لفظ IDEA کے تحت ریاست کو شکایت اور اس کے قوانین کے نفاذ کے حوالے سے ہے۔ اگر آپ کو لگتا ہے کہ کسی سرکاری ایجنسی نے خصوصی تعلیمی ضروریات کی خلاف ورزی کی ہے تو آپ اس دستاویز کے آخر میں دئے گئے پتے پر ٹی ای اے (TEA) کو ایک تحریری شکایت بھیج سکتے ہیں۔ آپ کو اپنی شکایت ایک ایسے ادارہ کو بھی بھیجنی ہوگی، جس کے خلاف شکایت فائل گئی ہو۔ کوئی بھی تنظیم یا فرد اس کے پاس شکایت دائر کر سکتی ہے۔ شکایت کی پیمائۂ وقت ٹی ای اے (TEA) کو شکایت موصول ہونے کے بعد اگلے کاروباری دن سے شروع ہوگی۔

TEA نے ایک ماڈل فارم بنایا ہے تا کہ والدین اور دوسرے فریقین کو خصوصی تعلیم سے متعلق شکایت درج کروانے میں مدد دی جا سکے۔ایک فریق جو خصوصی تعلیم سے متعلق شکایت درج کروا رہا ہے ریاست کا ماڈل فارم یا کوئی اور دستاویز جس میں شکایت سے متعلق تمام مطلوبہ معلومات شامل ہوں۔

آپ کی تحریری شکایت میں، شکایت کے موصول ہونے کی تاریخ سے قبل ایک سال کے اندر واقع ہونے والی خلاف ورزی بیان ہونی چاہیے۔ شکایت میں یہ چیزیں لازمی طور پر ہوں : ایک بیان کہ ایک سرکاری ایجنسی نے خصوصی تعلیم کے ایک تقاضے کی خلاف ورزی کی ہے، وہ حقائق جن پر اس بیان کا دارومدار ہے، اور آپ کا دستخط ور رابطہ کی معلومات۔ اگر شکایت کسی مخصوص بچے/بچی سے متعلق ہے تو اس میں ان چیزوں کا شامل ہونا بھی ضروری ہے: بچے/ بچی کا نام اور پتہ یا اگر بچہ/بچی بے گھر ہو تو دستیاب رابطہ کی معلومات، بچے/ بچی کے اسکول کا نام، بچے/بچی کے مسئلے کی نوعیت کی بیان، بشمول مسئلے سے متعلق اس وقت آپ کو معلوم اور دستیابی کی حد تک حقائق۔ شکایت میں مسئلے کا ایک تجویز کردہ حل جس حد تک علم ہو مدعی کو دستیاب ہونا چاہیئے جس وقت شکایت درج کروائی جائے۔

خصوصی تعلیم سے متعلق شکایت درج کروانے پر ٹی ای اے (TEA) مدعی کو شکایت میں لگے الزامات زبانی یا تحریری طور پر اضافی معلومات جمع کروانے کا ایک موقع دے گی۔ ٹی ای اے (TEA) سرکاری ایجنسی کو بھی شکایت کا جواب دینے اور شکایت کو حل کرنے کے لئے تجویز جمع کرنے کے لئے ایک موقع دے گی۔ والدین اور سرکاری ایجنسی جنھوں نے فائل جمع کروائی ہے TEA اُن کو ثالثی میں شرکت کا موقع دے گی۔ آپ کی خصوصی تعلیم سے متعلق شکایت موصول ہونے کے 60 دنوں کے اندر، (TEA) ایک تفتیش ، بشمول اگر ضروری ہو تو ایک آن سائٹ تفتیش انجام دے گی۔60 دنوں کی مُدت کو شکایت کے حل کے لئے بڑھایا جا سکتا ہے ضروریات کی مطابقت کرنے والے مخصوص حالات کی وجہ سے یا فریق کے اتفاق کی بنیاد پرثالثی میں شامل ہونے کے لئے یا مسئلے کے کے حل کے متبادل طریقوں کے لئے اسے بڑھایا جا سکتا ہے۔ تفتیش کے دوران (TEA) تمام متعلقہ معلومات کا جائزہ لے گی اورآزادانہ طور پر اس بات کا تعین کرے گی کہ آیا سرکاری ایجنسی نے وفاقی یا ریاست کی خصوصی تعلیم کی ایک ضرورت کی خلاف ورزی کی ہے۔ آپ کو ایک تحریری فیصلہ دیا جائے گا، جس میں ہر ایک الزام پر توجہ دی جائے گی، بشمول حقیقت کی تلاش، نتائج اور ٹی ای اے (TEA) کے فیصلے کے اسباب شامل ہوں گے۔

اس شکایت کے حل میں جس میں TEA مناسب خدمات دینے میں ناکام ہوتو TEA کو مناسب خدمات فراہم کرنے میں ناکامی پر توجہ دینی چاہیئے جس میں درستگی کے کام جو بچے کی ضروریات پر مناسب توجہ دینی چا ہیئے( جیسا کہ تلافی کی خدمات یا پیسوں کی دوبارہ ادائیگی) اور مستقبل میں معذور بچوں خدمات کی مناسب فراہمی شامل ہے۔

خصوصی تعلیم سے متعلق شکایت کے بارے میں TEA کا فیصلہ آخری ہے اور اس خلاف اپیل نہیں ہو سکتی۔

شکایت کو درج کروانے سے ثالثی یا باضابطہ سماعت کے لئے آپ کا حق ختم نہیں ہوتا۔ اگر آپ کوئی شکایت درج کروائیں اور اسی مسئلہ سے متعلق باضابطہ سماعت کی درخواست کریں تو (TEA) شکایت میں درج کسی بھی ایسے مسئلے کو ، جس پر باضابطہ سماعت میں حل کیا جا رہا ہو، سماعت کے ختم ہونے تک مؤخر رکھے گی۔ شکایت میں موجود کوئی ایسا مسئلہ جو باضابطہ سماعت کا حصہ نہ ہو ، اسے اس دستاویز میں مذکور مقررہ وقت کے اندر اور طریقہ کار کے مطابق حل کیا جائے گا۔

اگر انہی دونوں فریقین کے مابین شکایت میں اُٹھائے گئے مسئلے کا فیصلہ ایک باضابطہ عمل کی سماعت کے دوران ہو تو سماعت کا فیصلہ اِس مسئلے سے جُڑے گا اور TEA مُدعی کو اس کے نتیجے کے بارے میں اطلاع کرے گی۔

TEA کے پاس اپنے شکایت کے طریقۂ کار کو والدین، دلچسپی رکھنے والے افراد، جن میں والدین کی تربیت اور معلومات کے مراکز،تحفظ اور وکالت کرنے والی ایجنسیز، خود مُختار رہائشی مراکزاور دوسرے موزوں لوگوں تک وسیع پیمانے پر نشر کرنے کے لئے تحریری شکل میں ہونے چاہیئے۔

اپنے حتمی فیصلے کے مؤثر اطلاق کو یقینی بنانے کا تحریری طریقۂ کار ہونا چاہیئے۔ اگر ضرورت پڑے تو اس میں (a) تکنیکی معاونت کی سرگرمیاں (b) مذاکرات؛ اور (c) اطاعت کے حصول کے لئے اصلاح کے اعمال۔

آپ TEA کی ویب سائٹ سے خصوصی تعلیم سے متعلق شکایت اور تفتیشی فارم سے متعلق مزید معلومات حاصل کرسکتے ہیں Special Education Dispute Resolution Processes (Link: bit.ly/3bL6n73).

خصوصی تعلیم سے متعلق شکایات کے ریاستی قوانین یہاں سے حاصل کئے جا سکتے ہیں 19 TAC §89.1195 (Link: bit.ly/35IU1rY).

## با ضابطہ عمل کی کا روائیاں

خصوصی تعلیم کے تنازعات کو حل کرنے کے لئے چوتھا انتخاب باضابطہ سماعت کا پروگرام ہے۔ باضابطہ سماعت میں، ایک غیر جانبدار آفیسرِ سماعت فریقین کے دلائل سنتا ہے اور قانونی طور پر واجب التعمیل فیصلہ کرتا ہے۔

سماعت کی درخواست کے لئے آپ یا سکول (وکیل/نمائندہ یا سکول کا وکیل/نما ئندہ) با ضابطہ کاروائی کی شکایت دوسری فریق کو اور TEA کو درج کروانا ہو گی۔ آپ کو اپنے بچے/ بچی کی شناخت، تشخیص، یا تعلیمی تعیناتی یا اپنے بچے/ بچی کو (FAPE) کی فراہمی کے تعلق سے کسی بھی مسئلہ پر باضابطہ سماعت کے لئے درخواست دینے کا حق حاصل ہے۔

اگر 31 اگست 2022 کو یا اس سے پہلے آپ نے ایک واجبی کارروائی کی شکایت درج کرائی ہے، تو اس وقت کے قانون کے مطابق شکایت کی بنیاد بننے والی مبینہ کارروائی کے بارے میں معلوم ہونے یا جاننے کی تاریخ کے ایک سال کے اندرآپ کو درج کرانے کی ضرورت ہے۔ تاہم، 1 ستمبر 2022 سے شروع ہونے والے قانون میں، تبدیلی کی وجہ سے، شکایت کی بنیاد بننے والی مبینہ کارروائی کے بارے میں معلوم ہونے یا جاننے کی تاریخ کے دو سال کے اندر آپ کو ایک واجبی کارروائی کی شکایت درج کرانی ہوگی۔ اس ٹائم لائن کو تحدید کا قانون بھی کہا جاتا ہے۔ یہ مقررہ مدت آپ پر لاگو نہیں ہوتی اگر آپ کو باضابطہ کاروائی سے متعلق شکایت سے روکا جائے سکول کی طرف سے کی گئی غلط بیانی کی وجہ سے جس سے مشکل کا حل نکل سکتا تھا یا سکول کی طرف سے ایسی معلومات جو آپ کو فراہم کرنا ضروری تھا جو سکول نے روکے رکھیں۔ چونکہ یہ IDEA کے لئے ضروری نہیں ہے، بعض حالات میں ٹیکساس کا قانون یہ فراہم کرتا ہے کہ باضابطہ کاروائی کی شکایت کی قانونی حدود ایک سال ہے کی کٹوتی یا روک لی جا ئے اگر آپ مسلح افواج کے حاضر سروس رُکن ہیں، قومی بحری اور ہوابازی انتظامیہ کے کمیشنڈ فوجی ہیں، امریکی پبلک ہیلتھ سروس کے کمیشنڈ فوجی ہیں، اور اگر قانونی حدود آپ کو گنجائش دے تو وفاقی قانون جسے سروس ممبر سول ریلیف ایکٹ آپ پر لاگو ہوتا ہے۔

اگر آپ باضابطہ کاروائی کے سماعت کے لئے ایک باضابطہ کاروائی کی درخواست دیں، تو آپ کی ذمہ داری ہے کہ آپ سکول کی طرف سے خصوصی تعلیم کی ضروریات کی خلاف ورزی کو ثابت کریں۔ خاص حالات میں، سکول با ضابطہ کاروائی کی شکایت سے متعلق باضا بطہ کاروائی کی سماعت کی آپ کے خلاف درخواست دے سکتا ہے۔ ان حالات میں ثبوت فراہم کرنے کا ذمہ داری سکول عائد ہو گی۔

اس سے پہلے کہ آپ عدالت میں پہلے سے درج کردہ کسی بھی معاملات کا مقدمہ دائر کریں، آپ کو باضابطہ کاروائی سے متعلق شکایت درج کرانی ہو گی۔ اگر آپ نے ایسا نہ کیا تو آپ کے دعوؤں کو برخاست کیا جا سکتا ہے۔

### با ضابطہ کاروا ئی کی درخواست کرنا

آپ یا سکول کی ایک با ضابطہ کاروا ئی کی سماعت اس وقت تک نہیں ہو سکتی جب تک آپ یا سکول ( یا آپ کا وکیل/نمائندہ یا سکول کا نمائندہ/وکیل)باضابطہ کاروائی سے متعلق شکایت میں یہ شامل ہو: آپ کے بچے/ بچی کا نام اور پتہ یا اگر بچہ/ بچی بے گھر ہو تو دستیاب رابطہ کی معلومات، آپ کے بچے/ بچی کے اسکول کا نام، آپ کے بچے/آپ کی بچی کو درپیش مسئلہ کا بیان، بشمول اس مسئلہ سے متعلق حقائق؛ آپ کے پاس اس مسئلہ کے حوالے سے جانکاری اوراس وقت تک دستیاب حل۔

باضابطہ کاروا ئی کی شکایت کا ایک فارم TEA پر دستیاب ہے۔ [Office of General Counsel, Special Education Due Process Hearing (Link: bit.ly/2XCdKFw).](https://bit.ly/2XCdKFw)

آپ کو TEA فارم استعمال کرنے کی ضرورت نہیں ہے، لیکن آپ کی شکایت میں اُوپر درج مطلوبہ معلومات ہونی چاہیئے۔

سماعت کی درخواست دینے کے لئے، آپ کو، آپ کے نمائندے ،یا آپ کے وکیل کو (TEA) کے پاس اور مخالف فریق کو ایک ہی وقت میں باضابطہ سماعت کے لئے تحریری درخواست دینی ہوگی، باضا بطہ کاروائی کی شکایت کو خفیہ رکھنا چا ہیئے۔

باضابطہ کاروائی کی شکایت کو آگے لےجانے کے لئے اس کو کافی سمجھا جائے گا ( جواُوپرکی تحریر کی ضروریات پر پُورا اُترتا ہو ) باضابطہ کاروائی کی شکایت کو کافی سمجھا جا ئے گا جب تک کہ کو ئی فریق باضابطہ کاروائی کی شکایت وصول نہیں کرتا (آپ یا سکول) اور سماعت کرنے والے آفیسراور دوسرے فریق کو شکایت موصول ہونے کے 15دن کے اندر تحریری طور پرمطلع نہیں کرتا ۔ اور یہ کہ وصول کنندہ فریق یہ سمجھتا ہے کہ باضابطہ کاروائی اُوپر درج ضروریات کو پورا نہیں کرتی۔

اطلاع وصول کرنے کے پانچ دنوں کے اندر وصول کنندہ فریق (آپ یا سکول ڈسٹرکٹ) باضابطہ کاروائی کی شکایت کو ناکافی سمجھتا ہے تو سماعت کرنے والے آفیسر کو یہ فیصلہ کرنا چاہیئے کہ با ضابطہ کاروائی کی شکایت اُوپر درج شدہ ضروریات کو پُورا کرتی ہے اور فوراً آپ کو اور سکول کو تحریری طور پر آگاہ کرے۔

### سکول ڈسٹرکٹ کا باضابطہ کاروائی کی شکایت کا جواب

اگر سکول نے 34 CFR §300.503 کے تحت باضابطہ کاروائی کی شکایت میں درج معاملات کے حوالے سے آپ کو پہلے ایک تحریری اطلاع فراہم نہیں کی تو سکول کو باضابطہ کاروائی کی شکایت وصول ہونے کے 10 دنوں کے اندر آپ کے ایک جواب دینا ہو گا جس میں یہ شامل ہونا چاہیئے:

- اس بات کی ایک وضاحت کہ باضا بطہ کاروائی کی شکایت میں جو مسئلہ اُٹھایا گیا ہے اسے تجویز یا انکار کیوں کیا گیاہے؛
- ARD کمیٹی کی طرف سے دیکھے گئے دوسرے انتخاب تِفصیل اور اُنہیں رد کرنے کی وجوہات؛
- ہر تشخیص کا طریقہٗ کار، جانچ، ریکارڈ، یا رپورٹ جو استعمال کی گئی تجویز یا رد کرنے کی وجہ بنی؛ اور

- سکول کے تجویز یا رد کرنے سے متعلق دوسرے عناصر کا ایک بیان۔

ان معلومات کو فراہم کرنے سے سکول کو یہ مسلط کرنے سے نہیں روکا جا سکتا کہ جہاں مناسب ہو آپ کی باضابطہ کاروائی کی شکایت ناکافی تھی۔

## دوسرے فریق کا مجوزہ کاروائی کے حوالے سے جواب

جیسا کہ اس سے فوراً اوپر لکھا گیا ہے کہ اس کے علاوہ وہ فریق جو مجوزہ کاروائی کی شکایت وصول کرتا ہے، ایک شکایت وصول کرنے کے 10 دن کے اندر دوسرے فریق کو شکایت میں مسئلے کے بارے میں خاص طور پر بات کرکے بتائے۔

سکول یا والدین صرف اُس صورت میں تحریری طور پر مجوزہ کاروائی کی شکایت کو تبدیل یا اس میں ترمیم کر سکتے ہیں اگر دوسرا فریق تحریری طور پر اس میں تبدیلی کی منظوری دے اور ثالثی کی میٹنگ کے ذریعے مجوزہ کاروائی سے متعلق شکایت کا حل کرنے کا موقع دیا جائے یا اگر سماعت کرنے والا آفیسر5 دنوں کے بعد نہیں، سماعت شروع ہونے سے پہلے اس بات کی اجازت دیتا ہےجس فریق نے سماعت کی درخواست دی ہے سماعت پر ایسے مسائل پر بات نہیں کرسکتا جو مجوزہ کاروائی سے متعلق شکایت پر نہیں اُٹھائے گئے جب تک کہ دوسرا فریق اس بات کے لئے راضی نہ ہو کہ اضافی مسائل پر بات کی جا سکتی ہے۔اگر درخواست گُزار چاہے وہ آپ ہوں یا سکول مجوزہ کاروائی سے متعلق شکایت میں ترمیم(تبدیلی) کرتی ہے ثالثی کے دورانیے کے لئے مقررہ وقت اور سماعت کے لئے مقررہ وقت اُس دن دوبارہ سے شروع ہو گا جس تاریخ کو ترمیم کی شکایت درج کی جا ئے گی۔

آپ کوآپ کے علاقے میں مُفت یا کم قیمت کی قانونی امداد اور دوسری متعلقہ دستیاب خدمات کے بارے میں معلومات فرہم کرنا ہوں گی اگر آپ ان معلومات کے لئے درخواست کریں یا اگر آپ یا سکول کی طرف سے مجوزہ کاروائی سے متعلق شکایت درج کروائیں۔

## کاروائیوں کے دوران بچے کی حثیت (رکھو)

ایسی کاروائی جس میں نظم وضبط کا معاملہ شامل نہیں ہوتا، ایک دفعہ مجوزہ کاروائی سے متلعق شکایت دوسرے فریق کو بھیج دی جاتی ہے ، ثالثی کی کاروائی کے وقت کے دوران اور مجوزہ کاروائی کی غیر جانبدار سماعت کے فیصلے کا انتظار کرتے ہوئے، یا عدالتی کاروائی جب تک کے آپ اورریاست یا سکول کسی دوسری بات پر راضی نہ ہو جائیں، آپ کے بچہ/بچے کو اپنی موجودہ تعلیمی تعیناتی پر ہی رہنا ہو گا۔ بدستور موجودہ ماحول میں رہنے کو عمومی طور پر *اسٹے-پُٹ* کہا جاتا ہے۔ اگر سماعت میں نضم وضبط بھی شامل ہو تو، تادیبی تنازعات کے دوران بچے/ بچی کے تعیناتی سے متعلق وضاحت والا تادیبی سیکشن ملاحظہ کریں۔

اگر سماعت میں آپ کے بچے/ بچی کو ابتدائی طور پر ایک سرکاری اسکول میں داخل کرنے کی درخواست شامل ہو تو آپ کی اجازت ہونے کی صورت میں، تمام کارروائیوں کی تکمیل تک، آپ کے بچے/ آپ کی بچی کے لیے سرکاری اسکول میں تعیناتی ضروری ہے۔ اگر بچہ / بچی تین سال کا ہو رہا ہو اور ابتدائی بچپن کی مداخلت **(ECI)** پروگرام سے منتقل ہو رہا ہو تو، ایسی صورت میں اسٹے پُٹ ای سی آئی (ECI) کی خدمات نہیں ہیں۔ اگر بچہ/بچی خصوصی تعلیمی خدمات کے لئے اہل ہو اور والدین متفق ہوں تو ان خدمات کی فراہمی ضروری ہے جو متنازعہ نہ ہوں۔

اگر مجوزہ کاروائی کی سماعت میں ایک سماعت کرنے والا آفیسر جو TEA نے منعقد کی ہے، آپ سے متفق ہو کہ یہ مناسب ہے کہ آپ بچے کی تعیناتی تبدیل کی جائے، تو اس تبدیلی کو آپ اور ریاست کے مابین ایک معاہدہ سمجھا جائے۔ تاہم تعیانتی کی یہ تبدیلی مزید اپیلوں کے نتیجے کو ملتوی کرکے موجودہ تعیناتی بن جاتی ہے۔

## تصفیہ کی مُدت

سوائے تیز رفتار سماعت والے معاملہ کے اسکول کو چاہیے کہ وہ باضابطہ سماعت کے لئے آپ کی درخواست موصول ہونے کے 15 کیلنڈر دنوں کے اندر آپ، فیصلہ سازی کا اختیار رکھنے والے اسکول کے نمائندے، اور آپ اور اسکول کے ذریعہ منتخب کردہ اے آر ڈی (ARD) کمیٹی کے متعلقہ اراکین کے ساتھ ایک میٹنگ منعقد کرےجو تصفیہ کی میٹنگ کہلاتی ہے۔ اسکول صرف اسی صورت میں میٹنگ میں اٹارنی کو شامل کر سکتا ہے، اگر میٹنگ میں آپ کا کوئی اٹارنی ہو

اگر اسکول آپ کو تعین کی میٹنگ میں لانے کے لئے معقول کوششیں کرے، لیکن آپ اس میں شرکت نہ کریں تو تصفیہ کی 30 کیلنڈر دنوں والی میعاد کے اختتام پر اسکول افسر سماعت سے آپ کی باضابطہ سماعت کی درخواست کو مسترد کرنے کی درخواست کر سکتا ہے ۔ اسکول کو درج ذیل دستاویز استعمال کر کے یہ دکھانا ہوگا کہ اس نے آپ کو تصفیہ کی میٹنگ میں حاضر کروانے کے لئے معقول کوششیں کی تھیں: باہمی طور پر متفقہ وقت اور جگہ پر ایک میٹنگ کا بندوبست کرنے کی کوششیں جیسے کہ ٹیلیفون کال کا تفصیلی ریکارڈ کال کرنے کی کوشش اور ان کے نتائج؛ خط و کتابت کی نقول جو آپ کو بھیجی گئی تھی اور کوئی بھی موصولہ جواب اور آپ کے گھر پر یا ملازمت کی جگہ پر کئے گئے دوروں کا تفصیلی ریکارڈ اور ان دوروں کے نتائج۔

اگر دوسری صورت میں اسکول باضابطہ کارروائی کی درخواست کی اطلاع موصول ہونے کے 15 کیلینڈر دنوں کے اندر حل کی میٹنگ منعقد کرنے میں ناکام ہو جائےیا تعین کی میٹنگ میں شرکت کرنے میں ناکام ہو جائے تو آپ افسر سماعت سے تصفیہ کی مدت کو ختم کرنے اور 45 کیلینڈر دنوں والے پیمانۂ وقت کو شروع کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں۔

عمومی طور پر تصفیہ کی مدت 30 کیلینڈر دنوں تک کی ہوتی ہے۔ تاہم، اگر آپ اور اسکول تحریری طور پر شکایت کے تصفیہ کی میٹنگ سے دستبردار ہونے پر متفق ہوں تو سماعت کے لیے 45 کیلینڈر دنوں والے پیمانۂ وقت کی شروعات اگلے کیلینڈر دن سے ہوگی۔ اسی طرح، اگر آپ اور اسکول نے ثالثی کے عمل یا تصفیہ کی میٹنگ شروع کی ہے، لیکن تصفیہ کی 30 کیلینڈر دنوں والی مدت کے خاتمے سے پہلے آپ اور اسکول تحریری طور پر اس بات سے اتفاق کرتے ہیں کہ کوئی اتفاق رائے ممکن نہیں ہے تو سماعت کے لئے 45 کیلینڈر دن والے پیمانۂ وقت کی شروعات اگلے دن سے ہوگی۔ بالآخر، اگر آپ اور اسکول نے ثالثی کے عمل کو استعمال کرنے سے اتفاق کیا ہے تو دونوں فریق اتفاق ہونے تک تحریری طور پر شکایت کے حل کے لیے 30 کیلینڈر دن والی مدت کے اختتام تک ثالثی کو جاری رکھنے سے اتفاق کرسکتے ہیں۔ تاہم، اگر آپ اور اسکول میں سے کوئی بھی ثالثی کی کارروائی سے دستبردار ہو جائے تو سماعت کے

لیے 45 کیلینڈر دنوں والے پیمانۂ وقت کی شروعات اگلے کیلینڈر دن سے ہوگی۔

اگر ایک فریق ایک ترمیم شُدہ مجوزہ کاروائی کی شکایت درج کرتی ہے تو تصفیے کے میٹنگ کے لئے مقررہ وقت اور شکایت کے حل کا دورانیہ ( تصفیئے کا دورانیہ) اس وقت شروع ہوتا ہے جب ایک ترمیم شُدہ مجوزہ کاروائی کی شکایت درج ہوئی ہے۔

تصفیہ کی میٹنگ کا مقصد آپ کو اپنی درخواست اور اس کے پس پردہ حقائق پر اسکول کے ساتھ بات چیت کرنے کا ایک موقع فراہم کرنا ہے، تا کہ اسکول کو اس تنازعہ کو حل کرنے کے لئے ایک موقع فراہم کیا جا سکے، جو کہ درخواست کی بنیاد ہے۔ اگر آپ میٹنگ میں کسی متفقہ حل پر پہنچ جاتے ہیں تو، آپ اور اسکول کو اپنے معاہدہ کو تحریری شکل دینی ہوگی اور اس پر دستخط کرنا ہوگا۔ یہ تحریری معاہدہ ریاستی قانون کی رو سے اس قسم کے معاملہ کی سماعت کا اختیار رکھنے والی عدالت یا وفاقی ضلعی عدالت میں قابل نفاذ ہے، تاوقتیکہ ان میں سے ایک فریق اس پر دستخط ہونے کی تاریخ سے تین کاروباری دنوں کے اندر اس معاہدے کو ختم کردے۔

اگر اسکول نے آپ کی درخواست موصول ہونے کے 30 دنوں کے اندر آپ کے اطمینان کی حد تک آپ کی درخواست میں اٹھائے گئے مسئلہ کو حل نہیں کیا ہو تو سماعت کا 45 کیلینڈر دن والا پیمانۂ وقت شروع ہو جائے گا اور سماعت کی کارروائی کی جا سکتی ہے۔

### تیز رفتار سماعت میں مصالحت کا دورانیہ

تیز رفتار سماعتوں کے لئے اسکول کے لیے باضابطہ تیز رفتار سماعت کی درخواست موصول ہونے کے سات دنوں کے اندر شکایت کے حل کی میٹنگ منعقد کرنی ہوگی۔ اگر اسکول نے باضابطہ تیز رفتار سماعت کے لئے درخواست موصول ہونے کے 15 دنوں کے اندر آپ کی درخواست میں اٹھائے گئے مسئلہ کو آپ کے اطمینان کی حد تک حل نہ کیا ہو تو آپ کو سماعت کا حق حاصل ہوگا۔ اس سماعت کو باضابطہ تیز رفتار سماعت کے لئے دائر کردہ درخواست کی تاریخ کے 20 اسکولی دنوں کے اندر منعقد کرنا ضروری ہے۔ افسر سماعت کو چاہیے کہ وہ سماعت کے بعد 10 اسکولی دنوں کے اندر حتمی فیصلہ جاری کرے

### سماعتیں

TEA سماعت منعقد کرنے کے لئے غیر جانبدار افسران سماعت فراہم کرتی ہے افسران سماعت ٹی اے ای (TEA) یا آپ کے بچے/ بچی کی تعلیم یا نگہداشت میں شامل کسی ایجنسی کے ملازمین نہیں ہے اور ان کا کوئی ایسا ذاتی یا پیشہ وارانہ مفاد نہیں ہو سکتا جوسماعت میں ان کی غیر جانبداری سے متصادم ہو۔ ایک سماعت آفیسر(1 ) صاحبِ علم ہو اور IDEA کی گنجائش کے بارے میں اور IDEA سے متعلق وفاقی اور ریاستی قوانین اور وفاقی اور ریاستی عدالت کی IDEA کے بارے میں تشریح کرنا جانتا ہو؛ اور سماعت کا انعقاد کرنے کی اہلیت اور علم رکھتا ہو، اور مناسب، معیاری قانونی مشق سے فیصلہ کرنا اور لکھنا جانتا ہو۔

TEA سماعت آفیسرز کی ایک فہرست بناتا ہے جس میں ہر سماعت آفیسر کی تعلیمی قابلیت شامل ہو۔ یہ فہرست TEA کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے Office of General Counsel, Special Education Due Process Hearing (Link: bit.ly/2XCdKFw).
آپ یہ فہرست TEA کے قانونی خدمات کے آفس سے درخواست کر سکتے ہیں جس کی رابطہ کی معلومات اس دستاویز کے آخر پر دستیاب ہے۔

### سماعت سے پیشتر

با ضابطہ سماعت سے کم از کم پانچ کاروباری دن قبل، آپ اور اسکول کو سماعت میں پیش کئے جانے والے دلائل کو ایک دوسرے کے سامنے ظاہر کرنا ہوگا۔ کسی بھی فریق کو کسی ایسے ثبوت کو متعارف کئے جانے پر اعتراض کرنے کا حق ہے، جس کا بروقت اشتراک نہیں کیا گیا تھا۔ اسی طرح سماعت سے کم از کم پانچ دن قبل آپ کو اور سکول کو اس تاریخ تک مکمل کی جانے والی تمام جانچ آپ کے سامنے رکھنی چاہیئے اور ایسی تجاویز جو اس جانچ کی بنیاد پر کی گئیں ہیں جو آپ اور سکول سماعت میں استعمال کرنا چاہتے ہیں۔ ایک سماعت آفیسر کسی فریق کو جو سماعت کے دوران دوسرے فریق کی کی رضامندی کے بغیر متعلقہ جانچ یا تجاویز کو اس ضروریات کی مطابق پیش کرنے میں ناکام رہا ہو۔

### سماعت کے دوران

آپ کو یہ حق ہے کہ باضابطہ سماعت میں نمائندے کےطورپرخود کو پیش کریں۔ مزید یہ کہ، باضابطہ سماعت(بشمول نظم وضبط کی کاروائی کی سماعت) پر کسی فریق کو یہ حق ہے کہ:

- آپ اٹارنی اور معذوربچوں سے متعلق خصوصی معلومات یا تربیت والے لوگوں کو اپنے ساتھ لائیں اور ان سے مشورہ لیں۔
- خود کو یا ایک وکیل جو کہ ٹیکساس کی ریاست سے لائسنس یافتہ ہےیا ایسے فرد کو جو ٹیکساس کی ریاست کا لائسنس یا فتہ وکیل نہیں ہےلیکن اُس نے معذور بچوں کی مشکلات کے باری میں خاص علم یا تربیت حاصل کی ہےاور وہ طے کی ہو ئی علمی قابلیت پر پورا اُترتا ہے کو اپنا نمائندہ بنایا جاسکتا ہے۔ جو اس پرموجود ہیں
19 TAC §89.1175 (Link: bit.ly/2XFtKq9).
- ثبوت پیش کریں اور موازنہ کریں اور جرح کریں اور گواہان کی موجودگی کو یقینی بنائیں؛
- کسی بھی فریق کی طرف سےایسے ثبوت جو سماعت سے کم از کم 5 دن پہلے پیش نہیں کئے گئے سماعت کے دوران سامنے رکھنے سے روکنا؛
- ایک تحریری، یا، اپنی پسند کے مطابق سماعت کا لفظ بہ لفظ الیکٹرانک ریکارڈ حاصل کریں
- اپنی پسند کے لحاظ سے فیصلوں اور حقائق کے تحریری الیکٹرک نتائج حاصل کریں

## سماعت کے دوران والدین کے حقوق

آپ کو یہ حق حاصل ہونے چاہیئں؛

- سماعت کے دوران آپ کا بچہ موجود ہو
- سماعت عوام کے لئے کُھلی رکھی جائے؛اور
- بغیر کسی قیمت کے سماعت کا ریکارڈ، نتائج کے حقائق اور فیصلے آپ کو فراہم کئے جائیں۔

## سماعت کے بعد

سماعت کرنے والا آفیسر ایک فیصلہ جاری کرے گا۔ سماعت کا یہ فیصلہ کہ، آیا آپ کے بچے/ آپ کی بچی کو ایف اے پی ای (FAPE) موصول ہوا ہے یا نہیں، ٹھوس بنیادوں پر ہونا ضروری ہے۔ اگر آپ طریق کار میں غلطی کی شکایت کرتے ہیں، تو افسر سماعت صرف اسی صورت میں اس بات کا پتہ لگا سکتا ہے کہ آپ کے بچے/ آپ کی بچی کو ایف اے پی ای (FAPE) موصول نہیں ہوئی، اگر غلطی: آپ کے بچے/ آپ کی بچی کے ایف اے پی ای (FAPE) کے حصول کو روکے؛ آپ کے بچے/ آپ کی بچی کو تعلیمی فوائد سے محروم کرے؛ یا آپ کے بچے/ بچی کے ایف اے پی ای (FAPE) سے متعلق فیصلہ سازی میں حصہ لینے کے آپ کے موقع میں نمایاں طور پر مداخلت کرے۔ اُوپر بیان کی گئ گنجائش میں سے کو ئی بھی نہیں سماعت آفیسر کو سکول کو ایک حکم جاری کرنے سے روکنے کے طور پر سمجھی جائے گی جو کہ کروائی کے تحفظ کے ضروریات کے مطابق نہ ہو جو IDEA کے پارٹ B کےوفاقی قوانین کے تحت (34 CFR §§ 500 سے 300-536 تک)

ٹی ای اے (TEA) اس بات کو یقینی بنائے گی کہ 30 دن والی حل کی مدت یا اگر اطلاق ہو تو تطبیق شدہ مدت کے ختم ہونے کے بعد 45 دنوں کے اندر سماعت کا حتمی فیصلہ کیا جائے اور اسے فریقوں کو بذریعہ ڈاک بھیجا جائے۔ ایک تیز رفتار سماعت میں، ٹی ای اے (TEA) اس بات کو یقینی بنائے گی کہ سماعت کی تاریخ کے بعد 10 اسکولی دنوں کے اندر ایک حتمی فیصلہ دیا جائے ۔ افسر سماعت کسی بھی فریق کی طرف سے درخواست کئے جانے پر ایک معقول بنیاد پر خصوصی توسیع کر سکتا ہے۔ افسر سماعت تیز رفتار سماعت میں توسیع کی منظوری نہیں دے سکے گا۔ افسر سماعت کا فیصلہ حتمی ہے، (بشمول نظم و ضبط کی کاروائی سے متعلق سماعت کا فیصلہ) سوائے ایسی صورت کے کہ کوئی ایک فریق فیصلہ کو ریاستی یا وفاقی عدالت میں اپیل کرے۔ جیسا کہ نیچے بیان کیا گیا ہے۔

اسکول کو چاہیے کہ وہ افسر سماعت کے فیصلے کو افسر سماعت کے ذریعہ بیان کردہ وقت کی مدت میں یا کوئی مقررہ وقت بیان نہ کئے جانے کی صورت میں فیصلہ سنانے کی تاریخ کے بعد 10 دنوں کے اندر نافذ کرے، ایسی صورت میں کہ اسکول نے اس فیصلہ پر اپیل دائر کی ہو، سوائے اس کے کہ اپیل کے حل ہونے تک ماضی کے اخراجات کے لئے کسی دوبارہ کی گئی ادائیگیوں کو روکا جا سکتا ہے۔ آئیڈیا (IDEA) میں کوئی چیز آپ کو پچھلی سماعت میں حل شدہ مسئلہ کے علاوہ ایک دوسری باضابطہ کارروائی کی شکایت دائر کرنے سے روک نہیں سکتی۔ طریقۂ کار کے تحفظ کے سیکشن میں کچھ نہیں ہے جو کہ پہلے سے درج کی گئی مجوزہ کاروائی سے الگ آپ کو وفاقی قوانین جو IDEA کے پارٹB کےوفاقی قوانین کے تحت (34 CFR §§ 500 سے 300-536 تک) کے تحت مجوزہ کاروائی سے متعلق شکایت درج کروانے سے روکنا سمجھا جا ئے۔

## حقائق اور فیصلہ مشاورتی پینل اور عام لوگوں کو دینا

آفیسر سماعت کے فیصلے سے ذاتی شناخت کی معلومات ختم کرنے کے بعد TEA کو یہ فیصلہ(جو آفیسر سماعت کے حقائق اور فیصلوں پر مُشتمل ہو) ریاستی مشاورتی پینل کو فراہم کرنا چاہیئے۔ ٹیکساس میں ریاستی مشاورتی پینل کو جاری مشاورتی کمیٹی کہا جاتا ہے۔ TEA نے فیصلہ عوام کو بھی فراہم کرنا ہے۔

## سِول کارروائی

کو ئی فریق ( آپ یا سکول) جومجوزہ کاروائی کی سماعت کے حقائق اور فیصلے سے متفق نہیں ہوتا تو اُسے آفیسر سماعت کے حقائق اور فیصلے کے خلاف ایک سول کاروائی یا ضابطہ کاروائی کی سماعت کے لحاظ سے اپیل کرنے کا حق ہے۔ یہ کاروا ئی ریاستی عدالت کے پاس لائی جا سکتی ہے جس کے پاس اس طرح کے کیس سُننے کا اختیار ہےیا کسی امریکہ کی کسی ڈسٹرکٹ عدالت کے اس مسئلے میں مقدار کی پروا کئے بغیر اس فیصلہ کے جاری کئے جانے کی تاریخ کے بعد زیادہ سے زیادہ 90 دنوں کے اندر تک ہے۔ اپیل کے عمل کے ایک حصہ کے طور پر، عدالت کو باضابطہ سماعت کا ریکارڈ موصول ہونا چاہیے، کسی بھی ایک فریق کی درخواست اور کسی موزوں امدا دینے کے لئے پر اضافی ثبوت کو سننا اور اپنے فیصلے کوثبوت کی بنیاد پر سنانا ضروری ہے۔

آئیڈیا (IDEA) میں کوئی بھی ایسی چیز نہیں ہے جو معذوری والے بچوں کے حقوق کی حفاظت کرنے والے امریکی دستور معذوری والے امریکیوں کے 1990 ایکٹ ، 1973 کے بحالی ایکٹ ٹائٹل 5(سیکشن 504 ) یا دیگر وفاقی قوانین جو معذور بچوں کے حقوق کا تحفظ کرتے ہوں کے تحت دستیاب حقوق، کارروائیوں اور تلافیوں کو محدود کر سکے سوائے اس کے کہ عدالت میں سول کارروائی دائر کرنے سے پہلے، آئیڈیا (IDEA) کے تحت دستیاب راحت حاصل کرسکیں، جس میں والدین یا سکول کے لیے ضروری ہے کہ وہ آئیڈیا (IDEA) کے تحت فراہم کردہ باضابطہ سماعت سے استفادہ کرے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ چاہے آپ کو دیگر قوانین کے تحت دستیاب تدارک میسر ہوں جو آئیڈیا (IDEA) کے تحت دستیاب تدارک پر فوقیت رکھتی ہوں، آپ کو چاہیے کہ آپ عدالت میں مقدمہ دائر کرنے سے پہلے آئیڈیا (IDEA) ( مثال کے طور پر با ضا بطہ کاروائی سے مرعلق شکایت ثالثی کی کاروائی، بشمول ثالثی کی میٹنگ اور ایک غیر جانبدار با ضابطہ سماعت کی کاروائی)کے باضابطہ سماعتی کارروائیوں کا استعمال کریں۔

## وکیل کی فیس

IDEA پارٹ B کے تحت کسی بھی کاروا ئی یا طریقۂ کار میں عدالت میں جو کچھ چاہتے ہیں اس کا حصہ یا جملہ امور میں جیت جاتے ہیں تو جج آپ کو اٹارنی کی معقول فیس اور متعلقہ اخراجات ادا کرے گا۔

IDEA پارٹ B کے تحت کسی بھی کاروا ئی یا طریقہٌ کار میں عدالت ہو سکتا ہے، یہ اس کی صوابدید پر ہے، وکیل کی معقول فیس اخراجات کے ایک حصے کے طور پر جیتنے والے سکول یا تعلیمی ایجنسی کو جو آپ کے وکیل کو ادا کرنا ہوں گے :( a) ایک ایسی درج کردہ شکایت یا کیس جو عدالت کے نزدیک فضول، غیر موزوں یا بے بنیاد ہے یا (b) مقدمہ جاری رکھنا اس کے باوجود کی مقدمہ واضع طور پر فضول، غیر موزوں یا بے بنیاد بن چُکا ہے ؛ یا

IDEA پارٹ B کے تحت کی گئی کو ئی کاروائی یا طریقہٌ کار، یہ عدالت کی صوابدید پر ہے، وکیل کی معقول فیس اخراجات کے ایک حصے کے طور پر جیتنے والے سکول یا تعلیمی ایجنسی کو آپ کے وکیل کو ادا کرنا ہیں، اگر آپ باضابطہ سماعت کی درخواست دیں یا بعد میں عدالتی کیس کو کسی غیر مناسب مقصد کے لئے پیش کیا جائے جیسا کہ ہراساں کرے، غیر ضروری تاخیر کا سبب بنے، یا کاروائی یا طریقہٌ کار (سماعت) کے اخراجات میں غیر ضروری اضافہ کا سبب بنے۔

عدالت وکیل کو ادائیگی مندرجہ ذیل طریقے سے کرے گی:

- جس کمیونٹی میں یہ کاروائی یا سماعت ہو ئی وہاں کے ریٹس کے مطابق ادائیگی کی جا ئے گی جس معیار کی خدمات فراہم کی گئیں۔ کو ئی بونس یا بڑھوتری کرنے والے جُز کا فیس کی ادائیگی میں استعمال نہیں کیا جانا چاہیئے۔
- IDEA پارٹ B کے تحت فراہم کی گئ خدمات کو آپ کی طرف سے کی گئی تصفیےایک تحریری پیشکش کے بعد کسی بھی کاروائی ای طریقہ کار کے فیس کی ادائیگی یا قیمت واپس نہیں کی جائی گی اگر:
  - یہ پیشکش وفاقی قانون کی سول کاروائی یا باضابطہ کروائی کی سماعت کے قاعدہ 68 کے کسی میں باضابطہ سماعت شروع ہونے سے 10 کیلنڈر دن قبل یہ پیشکش کی ہو؛
  - یہ پیشکیش 10 کیلنڈر دنوں میں قبول نہ کی گئی ہو؛ اور
  - عدالت یا انتظامی سماعت آفیسر یہ پتہ چلاتا ہے کہ آخرکار آپ کو مدد مل گئی ہے جو آپ کے لئے تصفئے کی پیشکش سے زیادہ مفید نہیں ہے۔

اِن پابندیوں کے باوجود، وکیل کو اخراجات کے حوالے سے ادائیگی ،اگر آپ جیت جا ئیں تو آپ کو کرنا پڑے گی اوراس لئے کہ آپ نے بڑے واضع انداز میں تصفیئے کی پیشکیش کو ٹھکرا دیا تھا۔

ARD کمیٹی کی کسی میٹنگ سے متعلق فیس کی ادائیگی نہ کی جائے جب تک عدالتی سماعت یا انتظامی کاروائی کے نتیجے میں ایک میٹنگ کا انعقاد نہ ہو جائے۔ جیسا کہ اُوپر بیان کیا گیا ہے کہ تصفیئے کی میٹنگ کو عدالتی سماعت یا انتظامی کاروائی کے نتیجے میں منعقد کی گئی میٹنگ نہ سمجھا جا ئے اور نہ ہی وکیل کو فیس کی ادائیگی کے لئے ایک انتظامی سماعت یا عدالتی کاروائی سمجھا جائے۔

ایک عدالت، جہاں تک مناسب سمجھے، وکیل کو IDEA پارٹ B کے تحت ادا کی گئی فیس میں کمی کر سکتی ہے اگر عدالت کو یہ معلوم ہوتا ہے:

- آپ یا آپ کے وکیل نے سماعت یا کاروائی کے دوران جھگڑے کے حتمی فیصلے میں بلاجواز تاخیر کی ہو؛
- اٹارنی کی فیس جو اس قسم کی خدمات کے لئے وصول کی جانے والی فی گھنٹہ شرح سے جوکمیونٹی میں عام طور پر اسی قسم کی خدمات دینے والے دوسرے وکلاءجومناسب طور پر ایک جیسی مہارت، شہرت، اور تجربہ رکھتے ہیں، سے نامناسب طور پر زیادہ ہے۔
- اگر عدالت اس نتیجے پر پہنچتی ہے کہ اسکول نے نا مناسب طور پر کارروائی کو طول دیا ہے یا غیر مناسب برتاؤ کیا ہے یا IDEA پارٹ B کے تحت دستورِ عمل کے تحفظ کی فراہمی کی خلاف ورزی ہو ئی ہے۔ تو اٹارنی کی فیس میں کمی کی ضرورت نہیں ہے۔

خصوصی تعلیم کی باضابطہ سماعت کے پروگرام سے متعلق قانون یہاں سے شروع ہوتا ہے **19 TAC §89.1151 (Link: bit.ly/3nQcmtG).**

اِس صفحے کو جَان بُوجھ کر خَالی چھوڑا گیا ہے۔

## رابطہ کی معلومات

اگر اس دستاویز میں شامل کسی بھی معلومات کے سلسلے میں آپ کے ذہن میں کوئی سوالات ہوں یا آپ کو کسی شخص کے ذریعہ اس کی وضاحت کی ضرورت ہو تو براہ کرم رابطہ کریں:

| مقامی رابطہ کی معلومات | | |
|---|---|---|
| اسکول | ایجوکیشن سروس سینٹر | دیگر وسائل |
| نام: | نام: | نام: |
| ٹیلیفون نمبر: | ٹیلیفون نمبر: | ٹیلیفون نمبر: |
| ای میل: | ای میل: | ای میل: |

اگر آپ کو خصوصی تعلیم سے متعلق مسائل کے بارے میں معلومات کی ضرورت ہو تو آپ اس نمبر پر اسپیشل ایجوکیشن انفارمیشن سینٹر کو کال کر سکتے ہیں 1-855-SPEDTEX (1-855-773-3839)۔ اگر آپ اس نمبر پر کال کریں اور ایک پیغام چھوڑیں تو معمول کے کاروباری اوقات میں کوئی شخص آپ کو واپس کال کرے گا۔ ایسے افراد جو بہرے ہیں یا جنہیں سننے میں دقت پیش آتی ہے وہ7-1-1 ریلے ٹیکساس استعمال کرتے ہوئے درج بالا وائس نمبر پر کال کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کو کسی زیرالتواء خصوصی تعلیم کی شکایت کے بارے میں کوئی سوالات پوچھنا ہوبرائےمہربانی اس نمبر پر رابطہ کریں: 512-463-9414اگر آپ کے ذہن میں کسی زیر التوا ثالثی یا باضابطہ سماعت کے بارے میں کوئی سوالات ہوں تو بالترتیب تفویض کردہ ثالث یا افسر سماعت سے رابطہ کریں۔

## مسئلے کے حل کے رابطے کی معلومات

| سہولت یا فتہ IEP کی درخواست اس پر بھیجیں: | خصوصی تعلیم سے متعلق شکایت اس پر درج کرائیں: | ثالثی کے بارے میں درخواست یہاں پر درج کرائیں: | باضابطہ کاروائی کی درخواست یہاں درج کرائیں: |
|---|---|---|---|
| **State IEP Facilitation Project**<br>Texas Education Agency<br>1701 N. Congress Avenue<br>Austin, TX 78701-1494<br>یا<br>Fax: 512-463-9560<br>یا<br>specialeducation@tea.texas.gov | **Special Education Complaints Unit**<br>Texas Education Agency<br>1701 N. Congress Avenue<br>Austin, TX 78701-1494<br>یا<br>Fax: 512-463-9560<br>یا<br>specialeducation@tea.texas.gov | **Mediation Coordinator**<br>Texas Education Agency<br>1701 N. Congress Avenue<br>Austin, TX 78701-1494<br>یا<br>Fax: 512-463-6027<br>یا<br>SE-Legal@tea.texas.gov | **Special Education Due Process Hearings**<br>Texas Education Agency<br>1701 N. Congress Avenue<br>Austin, TX 78701-1494<br>یا<br>Fax: 512-463-6027<br>یا<br>SE-Legal@tea.texas.gov |

برا ئے مہربانی TEA کے خصوصی تعلیم کے شعبے کی ویب سائٹ وزٹ کریں:

https://tea.texas.gov/TexasSped